کی حوصلہ شکنی ہو گی اور لوگ اوقاف نہیں بنائیں گے ، میں سمجھتا ہوں کہ یہ محض ان کا خیال ہے - اس کی کوئی حقیقت نہیں ہے - مثال کے طور پر قرآن حکیم کے ناشرین کی رجسٹریشن کا قانون اس ملک میں ہم نے نافذ کیا ہے اور وہ قومی اسمبلی نے متفقہ طور پر منظور کیا تھا - جہاں تک مجھے یاد ہے سینٹ نے بھی اسے کاملاً اتفاق رائے سے ہی منظور کیا ہوگا - اس کے باوجود کہ تین سال ہوچکے ہیں قرآن حکیم کی رجسٹریشن کے قانون کو نافذ ہوئے ، اس میں نہ تو کسی کی حوصلہ شکنی ہوئی ہے اور نہ کسی کو یہ شکایت محسوس ہوئی ہے کہ رجسٹریشن کے بعد اب ہمیں خطرہ ہو گیا ہے کہ ہمیں ٹیک اوور کرلیا جائے گا اور نہ ناشرین نے قرآن حکیم چھپانے میں کوئی رکاوٹ محسوس کی ہے - یہ جو ترمیم ہے یہ اسی لیے ہے کہ جو خرابیاں پرائیویٹ ادارے کرتے رہتے ہیں ، ان کا سدباب ہو لیکن اس سے ہرگز حوصلہ شکنی مقصود نہیں ہے بلکہ مقصد یہ ہے کہ ملک بھر میں یہ معلوم ہوسکے کہ اوقاف کہاں کہاں منظم ہیں - اور اگر حکومت ان کو جائز طور پر مدد دے سکتی ہے تو اس کے لیے بھی کوشش کیجا سکتی ہے - اس لیے میں فاضل ممبر کے ان خدشات کی تردید کرتے ہوئے ایوان سے گذارش کروں گا کہ اس ترمیم کو منظور کیا جائے -

**Mr. Chairman :** Now, I will put the question.

The question before the House is :

"That after the existing Clause 5 of the Bill, the following new Clause may be inserted as Clause 5-A and the succeeding provisions of the Bill may be re-numbered accordingly :—

'5-A. **Registration of Waqf property** :—

(1) Every person in charge of, or exercising control over the management of, any waqf property shall, within a period of three months from the commencement of this Act, get such property registered in such manner, and with such authority, as may be prescribed.

(2) Every person creating a Waqf after the commencement of this Act shall, within a period of three months from the date of creation of such waqf, get the property dedicated by the waqf registered in such manner, and with such authority, as may be prescribed'."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Chairman :** The amendment is carried. The amendment is adopted. Now, you move the second one.

**Rao Abdus Sattar :** Sir, I beg to move :

"That after the existing Clause 18 of the Bill, the following new Clause may be inserted as Clause 18-A and the succeeding provisions of the Bill may be re-numbered accordingly :—

'18-A. **Power to issue directions as to management, etc. of Waqf property** :—

The Administrator General may issue to any person in charge of, or exercising control over the manage-

[Rao Abdus Sattar]

ment of, any waqf property the administration whereof has not been taken over and assumed by the Administrator General under section 7 such directions for the proper administration, control, management and maintenance of such waqf property as the Administrator General may deem necessary, including directions prohibiting delivery of sermons, khutbas or lectures which may contain any matter calculated to arouse feelings of hatred or disaffection amongst various religious sects or groups in the country and directions prohibiting such person from indulging in party politics through sermons, khutbas or lectures, and such person shall comply with such directions."

**Mr. Chairman :** The amendment moved is :

"That after the existing Clause 18 of the Bill, the following new Clause may be inserted as Clause 18-A and the succeeding provisions of the Bill may be re-numbered accordingly :

'18-A. **Power to issue directions as to management etc. of Waqf property** :—

The Administrator General may issue to any person in charge of, or exercising control over the management of, any waqf property the administration whereof has not been taken over and assumed by the Administrator General under section 7 such directions for the proper administration, control, management and maintenance of such waqf property as the Administrator General may deem necessary, including directions prohibiting delivery of sermons, khutbas or lectures which may contain any matter calculated to arouse feelings of hatred or disaffection amongst various religious sects or groups in the country and directions prohibiting such person from indulging in party politics through sermons, khutbas or lectures, and such person shall comply with such directions".

**Khawaja Mohammad Safdar :** Point of order, Sir.

جناب چیئرمین ! قاعدہ نمبر ۱۸۸ ضمنی قاعدہ نمبر ۴ جو امنڈمنٹس سے متعلق ہے - وہ میں پڑھے دیتا ہوں سارا پڑھ دوں ؟

**جناب چیئرمین :** سارا پڑھ دیں تو اچھا ہے پڑھیئے -

**Khawaja Mohammad Safdar :** "188 (1) : An amendment shall be within the scope of, and relevant to, the subject-matter of the motion to which it is proposed".

**جناب چیئرمین :** یہ تو ٹھیک ہے -

**Khawaja Mohammad Safdar :** "188 (2) : An amendment shall not raise a question which by these rules can only be raised by a substantive motion after notice".

**جناب چیئرمین :** یہ ہی ٹھیک ہے -

**Khawaja Mohammad Safdar :** "188 (3) : An amendment shall not be moved which has merely the effect of a negative vote".

**جناب چیئرمین :** یہ ہی ٹھیک ہے -

**Khawaja Mohammad Safdar :** "188 (4) : An amendment on a question shall not be inconsistent with the previous decision on the same question at the same stage of a Bill or matter".

یہ قاعدہ حاوی ہوتا ہے -

**Mr. Chairman :** It is quite clear. It means that an amendment shall not be inconsistent with the previous decision.

**Khawaja Mohammad Safdar :** It says that an amendment on a question shall not be inconsistent with the previous decision on the same question.

تو میری رائے میں یہ ضمنی قاعدہ نمبر ۴ اس ترمیم کے اس ایوان میں پیش کرنے میں حائل ہے -

**جناب چیئرمین :** اگر کوئی decision previous اس کے inconsistent ہے -

**خواجہ محمد صفدر :** یہ دو چیزیں ہیں جناب - ایک یہ کہ پہلے کوئی decision اس موضوع کے متعلق جس موضوع کے متعلق یہ ترمیم ہو چکی ہے ہو چکا ہو - اور دوسری شرط یہ ہے کہ ہم کسی اسٹیج پر اس بل کی اس کے اسٹیج پر - یہ نہیں کہ اسٹیج گزر گئی ہو اور شاید پھر ہو سکتا ہو لیکن شرائط دونوں ہیں ایک اسٹیج بھی وہی ہے اور یہ ہے کہ اس سے پہلے یہ معزز ایوان کوئی فیصلہ کر چکا ہے - اس مسئلے کے خلاف ہم کوئی بات نہیں کر سکتے -

**جناب چیئرمین :** ابھی تو سیکنڈ ریڈنگ ہے -

**خواجہ محمد صفدر :** اسٹیج بھی وہی ہے ایک شرط وہ ہو گئی -

**جناب چیئرمین :** اور ہے اسنڈمنٹ ؟

**خواجہ محمد صفدر :** اور امنڈمنٹ ہے - اب مجھے یہ ثابت کرنا ہے کہ آیا یہ امنڈمنٹ پہلے کسی فیصلے کے منافی ہے یا نہیں -

**جناب چیئرمین :** یہ تو بالکل کلیر ہے -

**خواجہ محمد صفدر :** اب جناب والا ! میں آپ کی توجہ ڈیبیٹ کی طرف دلاتا ہوں -

**جناب چیئرمین :** میری بدقسمتی تھی کہ میں اس موقعے پر نہیں تھا - سیکنڈ ریڈنگ کے وقت میں موجود نہیں تھا اس واسطے مجھے ٹھیک یاد نہیں ہو سکتا -

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! یہ ڈیبیٹ میرے پاس ہے -

جناب چئرمین ! یہ ۸ جولائی کی ڈیبیٹ میرے ہاتھ میں ہے - اس کے صفحہ ۷۰ پر جو لکھا ہوا ہے وہ میں اب پڑھوں گا -

**Mr. Chairman :** One minute, let then get at it.

**خواجہ محمد صفدر :** جی ، جی لے لیجئے -

**جناب چیئرمین :** یہ ۸ جولائی کی ڈیبیٹ کے صفحہ ۷۰ پر ہے ؟

**خواجہ محمد صفدر :** جی ، اس میں میں نے یہ ترمیم پیش کی تھی -

And I quote :

"**Khawaja Mohammad Safdar :** Sir, I beg to move :

"That Clause 18 of the Bill be substituted by the following :

**Mr. Chairman :** The entire Clause ?

**Khawaja Mohammad Safdar :** Yes, Sir.

> "18. The administrator General may require any person in charge of, or exercising control over the management of any waqf property, the administration whereof has not been taken over and assumed by him under section 6, to furnish him with any return, statement or any other information regarding such waqf property, or a copy of any document relating to such property, and such persons shall comply with such order without unreasonable delay."

مسٹر چیئرمین نے پھر اس کو دہرایا - پھر اس کے آگے آپ چلیں گے تو ملک محمد اختر صاحب نے اسی صفحہ کے نیچے یہ ارشاد فرمایا "not opposed" - صفحہ ۷۱ پر جناب چیئرمین صاحب نے سوال پٹ کیا -

**جناب چیئرمین :** اس وقت چیئرمین نہیں تھا - ڈپٹی چیئرمین تھا -

**خواجہ محمد صفدر :** بہر حال میں اپنی طرف سے کیوں اضافہ کرتا جاؤں ؟

**Mr. Chairman :** Let me read :

"**Mr. Chairman :** All right. I put the question. The question before the House is :

> "That Clause 18 of the Bill be substituted by the following :—
>
> "That after the existing Clause 18 of the Bill, the following new Clause may be inserted as Clause 18-A and the succeeding provisions of the Bill may be re-numbered accordingly :—
>
> '18-A. **Power to issue directions as to management etc. of Waqf property :—**
>
> The Administrator General may issue to any person in charge of, or exercising control over the management of, any waqf property the administration whereof has not been taken over and assumed by the Administrator General under section 7 such directions for the proper administration, control, management and maintenance of such waqf property as the Administrator General may deem necessary, including directions prohibiting delivery of sermons, khutbas or lectures which may contain any matter calculated to arouse feelings of hatred or disaffection amongst various religious sects or groups in the country and directions prohibiting such person from indulging in party politics through sermons, khutbas or lectures, and such person shall comply with such directions."

*(The motion is put to vote and adopted)*

**Mr. Chairman :** Now, where is 'A' ?

**Khawaja Mohammad Safdar :** (*Reads from the debate*) "I put the question.

The question before the House is :

"That clause 18 of the Bill be substituted by the following :

"That after the existing Clause 18 of the Bill, the following new Clause may be inserted as Clause 18-A and the succeeding provisions of the Bill may be re-numbered accordingly :—

'18-A. **Power to issue directions as to management etc. of Waqf property :—**

The Administrator General may issue to any person in charge of, or exercising control over the management of, any waqf property the administration whereof has not been taken over and assumed by the Administrator General under section 7 such directions for the proper administration, control, management and maintenance of such waqf property as the administrator General may deem necessary, including directions prohibiting delivery of sermons, khutbas or lectures which may contain any matter calculated to arouse feelings of hatred or disaffection amongst various religious sects or groups in the country and directions prohibiting such person from indulging in party politics through sermons, khutbas or lectures, and such person shall comply with such direction."

(*The motion was put to vote and adopted*)

اس کے بعد دوسرا مسئلہ ہے -

**Mr. Chairman :** (*Reads from the debate*) "Not opposed. I put the question.

The question before the House is :

"That clause 18 of the Bill be substituted by the following :

"That after the existing Clause 18 of the Bill the following new Clause may be inserted as Clause 18-A and the succeeding provisions of the Bill may be re-numbered accordingly :—

'18-A. **Power to issue directions as to management etc. of Waqf property :—**

The Administrator General may issue to any person in charge of, or exercising control over the management of, any waqf property the administration whereof has not been taken over and assumed by the Administrator General under section 7 such directions for the proper administration, control, management and maintenance of such waqf property as the Administrator General may deem necessary, including directions prohibiting delivery of sermons, khutbas or lectures which may contain any matter calculated to arouse feelings of hatred or disaffection amongst various religious sects or groups in the country and directions prohibiting such person from indulging in

[Mr. Chairman]

party politics through sermons, khutbas or lectures, and such person shall comply with such directions."

تو یہ 'A' کیوں لکھا ہوا ہے ؟

I want to understand 'A'. There is no 'A'.

(*Mr. Chairman consults with the J.S.*)

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, the matter...

بھائی مجھے بات تو کرنے دو ۔

**Mr. Chairman :** Malik Sahib, let him say. We learn. I also try to learn.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! میں عرض کرتا ہوں ۔ جلدی نہ کیجئے ۔ آپ اپنے بل کو دیکھئے ۔

**جناب چیئرمین :** اس میں تین چیزیں ہیں ۔ ایک ترمیم ہے ۔

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! اصل بل کی کلاز دیکھئے ۔

Clause 18 of the Bill which was substituted by my amendment.

**Mr. Chairman :** Original Bill is now before me. You are referring me to which Clause ?

**Khawaja Mohammad Safdar :** Clause 18, and I am reading it out, Sir. It reads :

"18. Power to call for return, etc., and issue directions."

**جناب چیئرمین :** یہ تو اصل تھا ۔

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! وہی میں پڑھوں گا تب میں inconsistency ثابت کر سکوں گا ۔

"The Administrator General may require any person in charge of, or exercising control over the management of, any waqf property the administration whereof has not been taken over and assumed by him under section 6 to furnish him with any return, statement, statistics or other information regarding such waqf property, or a copy of any document relating to such property, and such person shall comply with such order without any delay."

**Mr. Chairman :** This was originally Clause 18.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Clause 18, part 1.

**Mr. Chairman :** Oh, yes. It is part 1.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! اگر آپ میری ترمیم دیکھیں گے تو وہ صرف پارٹ ون تک محدود ہے ۔ میں نے پارٹ ون کو ری پروڈیوس کیا ہے ۔ اگر آپ اجازت دیں تو میں اسے دوبارہ پڑھے دیتا ہوں ۔

**جناب چیئرمین :** اس دن تو کلاز نمبر ۱۸ تھی ۔

SENATE LIBRARY
ISLAMABAD.



**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! میں وضاحت کئے دیتا ہوں کلاز ۱۸ پوری کی پوری پیش ہوئی - میں نے تو ترمیم پیش کی تھی جس میں صرف پارٹ ون تھا - تو میرے نکتہ نظر سے وہ ساری کلاز پارٹ ون، پر مشتمل ہونی چاہیئے -

**Mr. Chairman :** Was that with regard to part one ?

**Khawaja Mohammad Safdar :** Not only with regard to part one.

بلکہ میں نے پارٹ ون کو حذف کر دیا ہے یعنی میں نے کہا کہ کلاز ۱۸ تمام کی تمام کو صرف ان الفاظ پر مشتمل رہنے دیا جائے اور پارٹ ون میں یہ ہے کہ - -

**Mr. Chairman :** In other words you mean to say that when this Clause 18 was placed before the House you moved an amendment, and your amendment was in effect that sub-clause (2) be omitted and only sub-clause (1) should remain.

**Khawaja Mohammad Safdar :** In substance

میری ترمیم یہی تھی -

**جناب چیئرمین :** یہ کلاز نمبر ۱۸ پارٹ ون ہے ؟

**خواجہ محمد صفدر :** جی - پارٹ ون -

**جناب چیئرمین :** یعنی اس کو ترمیم کیا جائے اور (۲) کا ذکر نہ کیا جائے اور وہ اوسٹ ہوگا -

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! وہ میں نے حذف کر دیا ہے -

**Mr. Chairman :** Was it necessary for you to move that part 2 should be omitted ?

**Khawaja Mohammad Safdar :** It was not necessary.

میں نے ٹوٹل کلاز کی substitution کے لیے ترمیم دی ہے -

**Mr. Chairman :** That parts 1 and 2 both should be substituted by the new Clause ?

**خواجہ محمد صفدر :** جی ' ٹوٹل کلاز ۱۸ -

**جناب چیئرمین :** بتائیں وہ ترمیم کہاں ہے ؟ اب میں سمجھنے لگا ہوں اور آپ کے الفاظ دیکھنا چاہتا ہوں -

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! آپ صفحہ ۷۰ پر ملاحظہ فرمائیں -

**جناب چیئرمین :** چونکہ میں نہیں تھا -

I have to refresh my memory from the record.

اس لیے میں یہ دیکھنا چاہتا ہوں - کلاز ۱۸ کے دو پارٹس ہیں ون اور ٹو - یہ تو اصل تھا ' اور آپ کا مقصد ہے کہ آپ نے ترمیم پیش کی which in effect meant کہ کلاز ۱۸ (۱) کو ترمیم کیا جائے -

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! وہ تو رہنے دی جائے اور (۲) کو اڑا دیا جائے -

جناب چیئرمین : پھر وہ آپ کی ترمیم adopt ہوئی ؟

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! وہ adopt ہوئی ۔

**Malik Mohammad Akhtar :** In affection.

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! وہ کہہ رہے ہیں کہ وہ in affection adopt ہوئی ۔

جناب چیئرمین : میں دیکھنا چاہتا ہوں کہ آپ نے کلاز ون کو touch نہیں کیا ۔

خواجہ محمد صفدر : بندہ نواز ! مجھے (۱) اور (۲) لکھنے کی ضرورت نہیں تھی ۔ میں نے کہا تھا کہ کلاز ۱۸ کی جگہ یہ رکھا جائے ۔ میری نمبر ۱۸ جو ہے وہ in effect is sub-clause (1) of its original 18.

*(Reading the debate)*

**Mr. Chairman :** "Khawaja Mohammad Safdar to move that clause 18 of the Bill be substituted by the following."

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! اب میری ترمیم کا مقابلہ سب کلاز (۱) آف کلاز ۱۸ سے کیجئے ۔

**Mr. Chairman :** Your amendment is that the entire Clause 18 of the Bill, part (1) and (2) both, be substituted by the following :—

> "18. The Administrator General may require any person in charge of, or exercising control over the management of any waqf property, the administration whereof has not been taken over and assumed by him under section 6, to furnish him with any return, statement or any other information regarding such waqf property, or a copy of any document relating to such property, and such person shall comply with such order without unreasonable delay."

Was this adopted ?

**Khawaja Mohammad Safdar :** This was adopted, Sir. Please see page 71 :

> "That clause 18 be substituted by the following."—
> This was the question put by the Chairman.

جناب چیئرمین : میں نے آپ کی ترمیم پڑھی ہے اور اب اس سلسلے میں پروسیڈنگ پڑھونگا ۔

ملک محمد اختر : اس میں inconsistency کیسے ہوگئی ؟

We want to bring it at a different stage.

**Mr. Chairman :** Let us go step by step. So far his argument with regard to original Clause 18 which had two parts (1) and (2)—was that he moved an amendment which in effect was a suggestion or amendment to do away with part (2), and that part (1) and (2) be substituted by this one Clause 18.

Original Clause has two parts, (1) and (2).

انہوں نے کہا ہے ۔

(1) and (2) of Clause original 18—be substituted by this.

جو adopt ہوئی ہے تو آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ اس کا نمبر ۱ کا effect ہوگا ۔

**خواجہ محمد صفدر :** میں نے دوسرے کا ذکر نہیں کرتا تھا ۔ میں نے پہلے کا ذکر کیا ہے ۔

**ملک محمد اختر :** اگر آپ (۲) کو حذف کرتے ہیں ۔

**جناب چیئرمین :** یہ ترمیم تو adopt ہو چکی ہے ۔ آپ کی ترمیم کلاز ۱۸ پر ہے ۔

**خواجہ محمد صفدر :** یہ ہے کہ کلاز ۱۸ کی بجائے میری ترمیم قبول کر لی جائے ۔

**Mr. Chairman :** Now, eventually the result is that the entire Clause 18 is like this :

> "The Administrator General may issue to any person in charge of, or exercising control over the management of, any waqf property the administration whereof has not been taken over and assumed by the Administrator General under section 7 such directions for the proper administration, control, management and maintenance of such waqf property as the Administrator General may deem necessary, including directions prohibiting delivery of sermons, khutbas or lectures which may contain any matter calculated to arouse feelings of hatred or disaffection amongst various religious sects or groups in the country or to bring into hatred or contempt, or excite disaffection towards, the Government established by law, and such person shall comply with such direction."

اب وہ ترمیم خود کرتے ہیں ۔

This is the entire clause.

**خواجہ محمد صفدر :** میری بات ختم ہونے دیں ۔

**جناب چیئرمین :** میں آپ کو کب ٹوکتا ہوں ؟ کلاز ۱۸ جو پہلے accept ہوئی ہے میں نے اسے read out کیا ہے ۔ ایک ترمیم موو کرتے ہیں پھر extend کرتے ہیں ۔ آپ نے یہ کہا ہے کہ اس کی inconsistency کیا ہے ؟

**خواجہ محمد صفدر :** جناب چیئرمین ! میری اس ترمیم کو قبول کرنے کے نتیجے میں اس معزز ایوان نے کلاز ۱۸ کے حصہ (۲) کو مسترد کر دیا ہے ۔

**Malik Mohammad Akhtar :** I am sorry, Sir.

**خواجہ محمد صفدر :** آپ کیا کرتے ہیں ؟

**جناب چیئرمین :** میں فیصلہ نہیں کر رہا ہوں سمجھنے کی کوشش کر رہا ہوں ۔

**خواجہ محمد صفدر :** میری اس ترمیم کو جو میں نے کلاز ۱۸ کی بجائے ایک نئی کلاز کی شکل میں پیش کی ہے قبول کریں -- اور اس ایوان نے کلاز ۱۸ کو جس میں اس کا اصل مقصد تھا اس کو مسترد کر دیا ہے -

**ملک محمد اختر :** کیوں مسترد کر دیا ؟

**خواجہ محمد صفدر :** اگر آپ inconsistency کرتے رہیں گے تو طویل ہو جائے گا - میرے اعتراض کا جواب دیں تو استرداد کی بات ہے - سب کلاز specifically جیسا کہ آپ نے ارشاد فرمایا ہے کہ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ اس ایوان نے سب کلاز (۲) کلاز ۱۸ کو مسترد کر دیا ہے تو اس کی rejection کے بعد بھی اب وہی کلاز ہے - آپ اس کے الفاظ کو دیکھ لیں - کاما کی تبدیلی نہیں ہوئی ہے - کلاز وہی ہے' الفاظ وہی ہیں - substance وہی ہے' الفاظ وہی ہیں - پھر کہا جاتا ہے کہ اس کو نئی شکل میں مان لیا جائے - میں عرض کرتا ہوں کہ میں نے پہلی ترمیم پر اعتراض نہیں کیا - کیوں نہیں کیا ؟ اس لئے نہیں کہ وہ اس موضوع کے متعلق ہے - اس ایوان نے کوئی فیصلہ نہیں کیا تھا اور پھر نئی چیز اگر اس ایوان نے فیصلہ کیا تو سابقہ اجلاس میں اس موضوع کے متعلق بھی کہا ہوتا تو میرا موجودہ اعتراض اس پر بھی وارد ہوتا - میں کوئی نامعقول اعتراض نہیں کرتا - جب تک مجھے خود اطمینان نہ ہو جائے - جو بات میرے ذہن کو درست نہ لگے میں اس کو پیش نہیں کیا کرتا - میں نے اس لیے یہ پیش کیا کہ کلاز ۱۸ کو حذف کر دیا جائے - اگر اس کو نئی کلاز کی شکل میں پیش کیا جائے گا یا پیش کرنا ہے تو اس فیصلے سے inconsistent ہوگا - جو الفاظ اس رول میں ہیں - اس لیے میں درخواست کروں گا اور اس قاعدہ ۱۸۸ پارٹ یا سب رول ۴ کے تحت وہی stage ہے اور ہم سیکنڈ ریڈنگ میں تمام شرائط پوری کرتے - ہم ایک فیصلہ پہلے کر چکے ہیں - یہ معزز ایوان نے ۸ جولائی ۱۹۷۶ء کی کلاز ۱۸ کے پارٹ (۲) کو اس بل میں شامل نہیں کیا - اگر اس کو دوبارہ پیش کرنا ہے تو اس ایوان میں پیش نہ کریں جب یہ نیشنل اسمبلی میں جائے گا اس وقت ترمیم کر سکتے ہیں - آرڈیننس کے ذریعے کر سکتے ہیں - اگلے سیشن میں کر سکتے ہیں - میں تو قواعد کے پیش نظر گذارش کر رہا ہوں کہ ایوان میں پیش کرنے کی اسٹیج نہیں ہے -

**جناب چیئرمین :** میں آپ کا مطلب سمجھ گیا ہوں - آپ یہ بتائیں کہ یہ اصل بل میں حذف مسترد ہوگیا آپ کہتے ہیں ؟

**Khawaja Mohammad Safdar :** Original Clause 18 (2) reads as under—

> "(2) The Administrator General may issue to any person in charge of, or exercising control over the management of, any waqf property the administration whereof has not been taken over and assumed by the Administrator General under section 6 such directions for the proper administration, control, management and maintenance of such waqf property as the Administrator General may deem necessary, including directions prohibiting delivery of sermons, *khutbas* or lectures which may contain any matter calculated to arouse

feelings of hatred or disaffection amongst various religious sects or groups in the country or to bring into hatred or contempt, or excite disaffection towards, the Government established by law, and the person having charge or exercising control over the management of such property shall comply with such directions."

**جناب چیئرمین :** بالکل سمجھ گیا ۔

**خواجہ محمد صفدر :** کچھ اور ؟

**جناب چیئرمین :** اب میں آپ کو فرق بتا دوں :

"...or to bring into hatred or contempt, or excite disaffection towards, the Government established by law,......"

These words have been omitted in the present amendment.

اب موجودہ ترمیم میں جو حذف کیا گیا ہے ۔ پہلے (۲) میں یہ الفاظ تھے :

"......or to bring into hatred or contempt, or excite disaffection towards, the Government established by law......"

یہ موجودہ ترمیم میں حذف کر دیئے گئے ہیں ۔

یہ موجودہ ترمیم میں جو راؤ صاحب نے پیش کی ہے یہ حذف کیے ہوئے ہیں ۔ گورنمنٹ کے برخلاف جو کچھ کہنا ہے وہ تو حذف ہو گیا ۔

**خواجہ محمد صفدر :** یہ تو حذف ہو گیا ۔ باقی کوئی نئی بات نہیں آئی ؟

**جناب چیئرمین :** نئی بات آئی ہے ۔ دو باتیں ہیں ۔ پہلی میں کہ گورنمنٹ کے برخلاف کچھ کہنا یہ کرنا ، وہ کرنا ، وہ منع کر دیا گیا تھا ۔ اب وہ کاٹ کر کہتے ہیں کہ گورنمنٹ کو چھوڑو ۔

**خواجہ محمد صفدر :** تو ہم نئی بات کیا کہتے ہیں ؟

**Mr. Chairman** : "or bringing into hatred and disrepute the Government established."

کو انہوں نے حذف کر دیا ہے ۔ اس ترمیم میں اور دوسرے میں یہ کیا ہے کہ :

"and direction prohibiting such persons from indulging in any party politics."

پہلے میں نہیں تھا :

"from indulging in party politics through *khutbas* and lectures."

اب دو فرق آ گئے ہیں :

**خواجہ محمد صفدر :** یہ نئی چیز ہے ؟

(مداخلت)

جناب چیئرمین : وہ تو دیکھا جائے گا کہ فیصلہ کیا ہوگا ۔

خواجہ محمد صفدر : میں فیصلے کی بات نہیں کر رہا ۔ یہ الفاظ جو ہیں ۔

جناب چیئرمین : یہ الفاظ نئے ہیں پہلے میں نہیں تھے ۔ وہ الفاظ ہیں ۔

"directions prohibiting delivery of sermons, *khutbas* or lectures."

یہ نئی بات ہے ۔

خواجہ محمد صفدر : میں سمجھ گیا اب وہ بات کر لیں ۔ بعد میں میں جواب دوں گا ۔

جناب چیئرمین : پہلے کلاز میں یہ تھا کہ گورنمنٹ کے برخلاف جو کچھ کہا تھا :

"directions prohibiting such person indulging in party politics through sermons, *khutbas* and lectures."

وہ انہوں نے حذف کر دیا ہے ۔ چینج کر دیا ہے اور انہوں نے کوئی اور چیز شامل کر دی ہے ۔ اگر خطبے ، وعظ اور لیکچر میں بھی اگر پارٹی پالیٹکس لائیں تو یہ منع ہو سکتا ہے ۔ یہ فرق ہے ۔ اب ترمیم کا یہ مطلب ہے ۔

خواجہ محمد صفدر : میں سمجھ گیا ہوں ۔

جناب چیئرمین : آپ نے فرمایا تھا کہ وھی الفاظ ہیں ۔ الفاظ میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر : میرے پاس جناب وہ سرکولر ہے جس میں یہ ترامیم ہیں ۔ وہی میرے سامنے ہے ۔

**Malik Mohammad Akhtar** : That is the real amendment.

جناب چیئرمین : میری بات سنیں ۔ انہوں نے موشن میں بھی دہرایا اور میں نے بھی کوئسچن پٹ کیا ۔

خواجہ محمد صفدر : میں نے اس کو نوٹ نہیں کیا ۔

I am sorry, Sir.

میں وہ فقرہ نہ کہتا ۔

جناب چیئرمین : میں نے نوٹ کر لیا ۔

خواجہ محمد صفدر : جو سرکولر آپ کے سامنے ہے ، وہ ہمیں نہیں ملا ۔

جناب چیئرمین : میں عرض کروں ۔ آپ بھی ٹھیک کہتے ہیں ، میں بھی ٹھیک کہتا ہوں ۔ دونوں ٹھیک ہو سکتے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر : ہاں ہاں ۔ کیوں نہیں ۔ عقلمند آدمی دونوں ہی ٹھیک ہوں گے ۔

جناب چیئرمین : انہوں نے جو امنڈمنٹ موو کی ہے ۔

It is on record there.

اگر آپ کہتے ہیں تو ٹیپ ریکارڈ منگوا دوں ۔

**خواجہ محمد صفدر :** نہیں صاحب ۔

**جناب چیئرمین :** میں نے آپ کو بتایا کہ انہوں نے یہ الفاظ نہیں پڑھے اور میں نے بھی نہیں پڑھے کیونکہ یہ حذف ہیں ۔ انہوں نے یہ الفاظ کہے تھے :

"directions prohibiting indulging in party politics through sermons and lectures."

انہوں نے بھی کہے ہیں اور میں نے بھی دہرایا ہے ۔ آپ ٹھیک فرماتے ہیں ۔ آپ والے میں نہیں ہے لیکن جو actually موو کی ہے اس میں ہے ۔

**خواجہ محمد صفدر :** جو میرے پاس ہے اس میں نہیں ہے ۔ میں نے پوری بات سمجھ لی ہے ۔

**جناب چیئرمین :** خواجہ صاحب ہوا یہ کہ جب سرکولیٹ کیا گیا تو اس میں یہ الفاظ نہیں تھے لیکن جب انہوں نے اجازت چاہی کہ میں اوورل اسنڈمنٹ موو کرنا چاہتا ہوں تو میں نے کہا کہ کرو اور جب انہوں نے actually موو کیا اور میں نے repeat کیا ۔ اس میں یہ الفاظ یقیناً ہیں ۔

**خواجہ محمد صفدر :** مجھے پورا اطمینان ہے ۔

**جناب چیئرمین :** نہیں تو ٹیپ ریکارڈ منگوا لیتا ہوں ۔

**خواجہ محمد صفدر :** نہیں صاحب ایسی کوئی بات نہیں ہے ۔

**ملک محمد اختر :** جناب والا ! وہ مان گئے ہیں ۔

**خواجہ محمد صفدر :** نہیں صاحب ، کہاں مان گیا ہوں ؟

**جناب چیئرمین :** وہ جناب سن بال کی کھال اور کھال کی پتہ نہیں کیا کہتے ہیں وہ نکالیں گے ۔ کھال کی بھی وہ کچھ نکالیں گے ۔

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, the new amendment is not inconsistent with the previous decision. That was a different clause. This is a different clause. But one thing is very important to note.

**Mr. Chairman :** You need not go into the details. Leave it to me.

اب ان کو کہنے دیں ۔ دیکھیں یہ کیا کہتے ہیں ۔ آپ کی طرف سے تو یہ کہا جاتا ہے کہ پہلے گورنمنٹ کے برخلاف جو کچھ وہ کہتے تھے وہ ہم نے منع کرنا ہے اب ہم نے وہ لائین چھوڑ دی ہے ۔ اب اگر کسی پارٹی پالیٹکس میں جانا چاہیں تو وہ منع کیا گیا ہے آپ کی کلاز کے پارٹ کا مقصد ہی دوسرا ہو گیا آپ کے قول کے مطابق ۔ وہ سمجھ گئے ہیں اب ان کو کہنے دیں ۔ یہ کیا فرماتے ہیں ۔

Yes, how is it inconsistent with the previous one.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب چیئرمین ! مجھے محترم وزیر قانون صاحب سے اتفاق نہیں ہے ۔

**جناب چیئرمین :** مجھ سے تو اتفاق ہے ؟

**خواجہ محمد صفدر :** آپ سے اس حد تک اتفاق ہے کہ ابھی آپ نے رولنگ نہیں دی ۔ آپ جب رولنگ دے دیں گے تو میں اتفاق کرنے پر پابند ہوں گا ۔ ابھی تو

[Khawaja Mohammad Safdar]

نہیں کروں گا - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ محترم وزیر قانون نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ اس معزز ایوان میں آج جو ترمیم محترم قائد ایوان نے پیش کی ہے ، وہ اس سے مختلف ہے جو کہ پہلے اس ایوان سے منظور ہو چکی ہے - یعنی کلاز ۱۸ (۲) - جناب چیئرمین ! آپ نے وہ مجھ سے پڑھوائی ہے - میں نے وہ بڑی خوشی سے پڑھی - پھر ہم نے کمپیئر کیا ہے کہ کون کون سے الفاظ تبدیل ہوئے ہیں - اس میں کوئی شک نہیں ، جیسا کہ آپ نے ارشاد فرمایا ہے موجودہ کلاز جسے پڑھا ہے ، اس میں محترم قائد ایوان نے وہ الفاظ کہ حکومت کے خلاف منافرت پھیلانے کی کوشش کرنا وغیرہ کو حذف کر دیا ہے اور اس کی بجائے پارٹی پالیٹکس میں انڈلج کرنا یا اس میں شامل ہونا یا اس کے متعلق خطبات اور وعظ میں بات کرنا اس کی ممانعت کی ہے اب جناب چیئرمین ! آپ مجھ سے اتفاق فرمائیں گے کہ یہ پہلا مسئلہ ہے یہ -

to bring into contempt and hatred the Government established by law

سے پہلے جتنے الفاظ ہیں وہ تو in substance وہی الفاظ اب بھی وہی ہیں اب جناب والا ! تبدیلی میں فرق دیکھئے - پہلے میں ایک بات کو لیتا ہوں - صرف اس فقرے کو حذف کر دیا گیا -

'to bring the Government established by law into contempt and hatred'

کیا اس میں کوئی ترمیم ہوئی یا اس میں کوئی تبدیلی ہو جاتی ہے ؟ میری رائے میں ایسا نہیں ہے کیونکہ جب اس ایوان نے اس کو مسترد کیا اس کو مجموعی طور پر پورے کا پورا مسترد کیا اس میں یہ فقرہ بھی تھا جو مسترد ہوا اور پہلا حصہ جس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی ہے - وہ بھی مسترد کیا گیا - یہ نہیں ہوا - اگر اس معزز ایوان کو مجھ سے اختلاف ہوتا تو کہتے کہ نہیں صاحب یہ

'to bring into hatred and contempt Government established by law'

اس کو کاٹ دیجیئے باقی رہنے دیجیئے - وہ کہہ سکتے تھے ایوان پر کوئی پابندی نہیں تھی کہ وہ میری ترمیم کو نامنظور کر دیتا اور ہم نئی ترمیم لا کر صرف یہ فقرہ کاٹ دیتے جو کہ اب کاٹا گیا ہے اور باقی شامل کر لیتے - کوئی پابندی نہیں تھی - اس کے دو حصے ہیں ایک تو یہ ہے کہ مختلف فرقوں میں منافرت نہ پھیلے وہ جوں کا توں ہے - اس کے متعلق اس ایوان کا فیصلہ موجود ہے کہ یہ حصہ جو ہے یہ قابل قبول نہیں ہے - اس ایوان کو اب اگر دوسرے حصے کے متعلق کوئی شک ہو اس کے متعلق خیال ہو کہ اس کو اس طرح تبدیل کرنا چاہیئے تو وہ کر سکتے ہیں لیکن انہوں نے نہیں کیا اس (۲) کو بحیثیت مجموعی تمام کا تمام مسترد کر دیا گیا اور یہ حصہ بھی مسترد کر دیا گیا اور اس کی جگہ جو الفاظ انہوں نے شامل کیے ہیں ، یہ میری دوسری دلیل ہے - لفظی اعتبار سے تو تبدیلی ہوئی ہے تو کیا معنوی اعتبار سے بھی کوئی تبدیلی ہوئی ہے ؟ خطیب کسی موضوع پر ، حکومت پر نکتہ چینی کرتا ہے ظاہر ہے کہ وہ سیاسی اعتبار سے کسی جماعت سے تعلق

رکھتا ہوگا ۔ اگر وہ پاکستان پیپلز پارٹی سے تعلق رکھتا ہوتا تو وہ حکومت پر نکتہ چینی نہ کرتا اب جونہی وہ جس سیاسی مکتب فکر سے تعلق رکھتا ہے اس کے متعلق بات کرے گا تو وہ حکومت کے خلاف جائے گی اور ان الفاظ میں آ جائے گا کہ he is indulging in party politics اب گھوم پھر کر ہم اسی مقام پر پہنچتے ہیں کہ حکومت کے خلاف کوئی بات نہ ہو، اب عیاں ہے کہ حکومت کے خلاف بات ہوگی تو یہ بھی ظاہر ہے کہ اس سے پارٹی پالیٹکس پیدا ہو گی کیونکہ نکتہ چینی سے پارٹی پالیٹکس پیدا ہو سکتی ہے کیوں نہیں ہو سکتی ۔ اور اگر فرض کیجئیے کہ میں اپنی جماعت سے تعلق رکھتا ہوں ۔ میں تو اس اہل نہیں ہوں لیکن فرض کیجئیے کہ میں کہیں کسی مسجد میں لیکچر کرتا ہوں، یا خطبہ دیتا ہوں ۔ خدا مجھے توفیق دے ۔ تو میں اپنی جماعت کی بات کرتا ہوں تو ظاہر ہے کہ دوسری جماعتوں سے مقابلہ کرنا پڑے گا اور حکمران جماعت پر نکتہ چینی ہوگی اور وہ بھی پارٹی پالیٹکس کی زد میں آئے گا ۔ بات وہی ہے جو پہلے تھی اس لیے میری گزارش ہے کہ substance کے اعتبار سے، معنوی اعتبار سے اس نئی کلاز میں اور کلاز ۱۸ کی سب کلاز ۲ جس کو اس معزز ایوان نے مسترد کیا ہوا ہے کوئی فرق نہیں ہے ۔ اس لحاظ سے میں آپ کی خدمت میں یہ التماس کروں گا کہ یہ قاعدہ ۱۸۸ ضمنی قاعدہ ۴ کو attract کرتا ہے، اس لیے اس کو اس ایوان میں پیش کرنے کی اجازت نہیں ہونی چاہیئے ۔

**جناب چیئرمین:** ابھی میں رولنگ نہیں دے رہا ہوں لیکن اس وقت میں کچھ اور عرض کر رہا ہوں آپ کو شاید علم نہ تھا کہ کچھ الفاظ حذف کیے گئے ہیں اور ان کی امنڈمنٹ میں اور نئے الفاظ بھرے گئے ہیں ۔

**خواجہ محمد صفدر:** آپ نے پوائنٹ آؤٹ کیا ہے ؟ ٹھیک ہے ۔

**جناب چیئرمین:** تو اس لئے آپ نے یہ اعتراض اٹھایا اور شاید ابھی اس وقت اٹھایا ہے کہ اگر وہی الفاظ ہیں، وہی متن ہے، وہی موضوع ہے، وہی چیز ہے تو پھر تو یہ پہلے مسترد ہو چکا ہے بعد میں کیوں لاتے ہیں ۔ لیکن جب میں نے پوائنٹ آؤٹ کیا کہ خواجہ صاحب شاید لاعلمی کی وجہ سے آپ نے یہ نہیں دیکھا کہ پہلے جو گورنمنٹ کے برخلاف کچھ کہنے وغیرہ کی باتیں تھیں وہ حذف کر دی گئی ہیں، چینج کر دی گئی ہیں اور ایک اور چیز add کی گئی ہے ۔ کہ پارٹی پالیٹکس وغیرہ وغیرہ جو ہے یہ منع ہونا چاہیئے تو پھر آپ حیران بھی ہوئے ۔ آپ کو تعجب بھی ہوا کیوں کہ آپ کو پتہ نہ تھا پھر بھی آپ کی وہی آرگومنٹس ہیں ۔

**خواجہ محمد صفدر:** اگر معنوی اعتبار سے کوئی تبدیلی ہوتی تو میں یقیناً اپنا یہ اعتراض واپس لے لیتا ۔ معنوی اعتبار سے میری رائے میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی ۔

**Mr. Chairman :** I will try to convince you. You see, there is a lot of difference between the two.

Now, Khawaja Mohammad Safdar has raised an objection taking a

[Mr. Chairman]

stand on Rules of Procedure and Conduct of Business, rule 188, sub-rule (4) reads :

> "188. (4) : An amendment on a question shall not be inconsistent with the previous decision on the same question at the same stage of a Bill or matter."

Khawaja Mohammad Safdar's contention is that the amendment now moved by the Leader of the House is inconsistent with the previous decision already taken by the House when they adopted his amendment with regard to clause 18 which in substance means the omission of Part (2) of Clause 18. If the text of the two, that is, Clause 18, Part (2) and the present amendment is placed side by side and considered, it makes it quite clear that the objective of the two is different from each other. While in the original Clause 18 Part (2) the words were : "to bring into hatred or contempt or cause disaffection towards the Government established by law etc., etc. ", in the present amendment these words have been omitted. So, while in the first clause—original clause, any criticism against the Government was prohibited, in the present amendment it is not prohibited now. Secondly, while there was no mention in the original Clause 18, Part (2) with regard to any direction prohibiting such person from indulging in party politics through sermons, *khutbas*, lectures, in the present amendment this new thing has been added which means that now according to the proposed amendment the Administrator General can issue directions prohibiting such person from indulging in party politics through sermons, *khutbas* and lectures. This was not in the original one. So, this is a new addition and it changes the complexion of the clause. Therefore, I see no inconsistency between the two—previous decision of this House and the present amendment moved by the Leader of the House.

Yes, now, I will put the question.

**Khawaja Mohammad Safdar :** No, Sir, we have to discuss this amendment. There is another amendment moved by me, amendment to amendment.

اس کے بعد وہ original پر بھی کروں گا ۔ جناب یہ بڑا کنٹروورشیل ہے اس لیے تو پہلے بھی اس پر کافی بحث ہوئی ہے ۔

**Mr. Chairman :** I will allow you.

**مولانا کوثر نیازی :** جناب والا ! میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ یہ بل پہلے بھی یہاں کافی عرصہ زیر بحث رہا ہے چار دن اور اس کے بعد اب پھر یہ آیا ہے تو اگر آپ اس کی آج اجازت دے دیں جب تک چاہیں ہاؤس کو چلائیں ۔

**Mr. Chairman :** I will first take the sense of the House. At what time should we conclude debate on this Bill ? It should be reasonable time.

(*Interruption*)

**Mr. Chairman :** I want to fix the time because it is being unduly protracted.

**مولانا کوثر نیازی :** میں عرض کر رہا ہوں کہ فاضل ممبران سے میری بات ہوئی ہے ۔ ہم بیٹھنے کے لیے تیار ہیں ۔ خواجہ صاحب جتنی دیر بولنا چاہیں شوق سے

بولیں - ہم ان کی باتوں کا جواب دینے کے لیے حاضر ہیں - انہیں سننے کے لیے حاضر ہیں -

**جناب چیئرمین :** دس بجے ختم کر دیں ؟

**مولانا کوثر نیازی :** نہیں ، نہیں کیوں آخر ؟

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, if I am allowed, I consider that we can conclude the House by 9.15 p.m.

**Mr. Chairman :** Don't conclude the House, conclude the debate.

**Malik Mohammad Akhtar :** I mean debate for the day at 9.15 p.m. that is, ten minutes for amendment and then third reading.

**جناب چیئرمین :** ساڑھے نو بجے تک ختم ہو جائیگا ؟

**خواجہ محمد صفدر :** مشکل ہے جناب -

**جناب چیئرمین :** چلو دس بجے تک سہی -

**خواجہ محمد صفدر :** جناب کیا میں پوچھ سکتا ہوں کہ آج کون سی خاص بات ہے کہ دس بجے تک ہم ایوان میں بیٹھیں -

**ملک محمد اختر :** بندہ نواز ہم نے کام بھی کرنا ہے -

**جناب چیئرمین :** کوئی حرج نہیں -

**خواجہ محمد صفدر :** شاید کوئی خاص بات ہو وہ آپ بتا دیں ، میرے علم میں اضافہ ہو جائے گا کیونکہ مجھے معلوم نہیں -

**جناب چیئرمین :** چونکہ ممبر صاحبان دو تین روز وقت پر نہیں آئے اور دس دس پندرہ ، پندرہ منٹ بیٹھے ہیں - اس لیے -

**خواجہ محمد صفدر :** وہ جناب ہمارا قصور نہیں تھا - وہ تو ان کا قصور ہے -

**جناب چیئرمین :** ان کا قصور ہے اس لیے ان کو سزا دیتا ہوں کہ دس بجے تک بیٹھیں -

**خواجہ محمد صفدر :** نہیں جناب وہ اکیلے بیٹھیں ہم تو نہیں بیٹھ سکتے -

**جناب چیئرمین :** اگر قصور ان کا ہے تو میں سزا بھی ان کو ہی دوں گا کہ دس بجے تک بیٹھیں - آپ کو تو سزا نہیں ہو رہی دس بجے تک ٹھیک ہے کیوں احسان صاحب ؟ آپ سر نہیں ہلا رہے ہیں نہ ہاں کرتے ہیں نہ نہ کرتے ہیں ، کچھ تو کہیئے - آج دس بجے تک اس کو ختم کر لیں ؟

**خواجہ محمد صفدر :** جناب اس میں کیا حرج ہے کل صبح ختم ہو جائے گا -

**جناب چیئرمین :** میرے خیال میں آج ختم کرنا ہے -

**میاں احسان الحق :** دس بجے تک کر لیتے ہیں -

**خواجہ محمد صفدر :** جناب بات یہ ہے کہ اگر آپ نے اس طرح ہم پر ظلم ہی کرنا ہے - - -

**جناب چیئرمین :** نہیں ، نہیں - یہ ظلم نہیں ہے -

**خواجہ محمد صفدر :** نہیں جناب یہ بالکل ظلم ہے -

**جناب چیئرمین :** یہ آپ نے سخت الفاظ استعمال کیے ہیں - ظلم نہیں ہے -

**خواجہ محمد صفدر :** یہ تو ٹھیک ہے کہ میجارٹی اس طرف بیٹھی ہوئی ہے - وہ جو کہے گی ہمیں وہ ماننا ہی ہوگا - لیکن کم از کم ایک دوسرے کو اکاموڈیٹ کرنے کی کوشش کیجیئے - ساڑھے آٹھ بج گئے ہیں چلیئے نو بجے تک ڈیبیٹ کر لیتے ہیں - باقی جو بچے گا - کل ختم کر لیں گے اس میں کیا حرج ہے ؟

**جناب چیئرمین :** تمام دنیا میں میجارٹی اور مائینارٹی ہوتی ہے ایسی کوئی پارلیمنٹ ہے جہاں میجارٹی اور مائینارٹی نہ ہو ؟

**خواجہ محمد صفدر :** جناب وہی تو میں عرض کر رہا ہوں کہ جو کچھ وہ کہیں گے وہ ہمیں مجبوراً ماننا پڑے گا لیکن آخر کیوں ہمیں مجبور کیا جاتا ہے ؟

**جناب چیئرمین :** کیا مجبوری ہے ؟

**خواجہ محمد صفدر :** مجبوری یہ ہے کہ ساڑھے آٹھ بج گئے ہیں -

**جناب چیئرمین :** اگر آپ کہتے ہیں کہ ہمیں کیوں مجبور کیا جا رہا ہے کہ دس بجے ختم کریں تو ان کو کیوں مجبور کیا جا رہا ہے کہ آج کام مت کرو ؟

**خواجہ محمد صفدر :** میں تو مجبرر نہیں کرتا - میں تو اس ایوان کی جو روایت ہے اس کی بات کرتا ہوں - میرا خیال ہے کہ صرف Constitutional Amendment Bill پر یہ ایوان دس بجے تک بیٹھا ہے ورنہ کبھی نہیں بیٹھا -

**جناب چیئرمین :** روایت جو میں سمجھتا ہوں وہ تو یہ ہے کہ روزانہ ایک بل سے زیادہ پاس نہیں ہونا چاہیئے - کبھی کبھی آدھر ادھر ہو جاتا ہے کہ ایک بل ایک دن میں نہ ہو - یہ بل تو میرا خیال ہے مہینے سے چل رہا ہے -

**خواجہ محمد صفدر :** یہ بل اتنا لمبا ہے اور متنازعہ فیہہ بھی - مشکل تو یہ ہے -

**جناب چیئرمین :** متنازعہ فیہہ تو یہ ہے لیکن کون سی چیز ہے جو نہیں کہی گئی - اتنی امنڈمنٹس موو ہوئی ہیں میں جانتا ہوں - لیکن اس کے پاس کرنے میں کیا مشکل ہے ؟ کون سی دشواری ہے ؟ چلیئے فرمائیے - یہ امنڈمنٹ تو آپ کیجیئے اورجنل امنڈمنٹ جو اس کی طرف سے موو ہوئی ہے - اس پر تو بولیئے -

**خواجہ محمد صفدر :** ابھی تو اس ترمیم پر بولنے سے پہلے میں اپنی ترمیم پیش کروں گا وہ ڈسپوز آف ہو جائیگی تو اس کے بعد دوسری ترمیم پر بحث ہو گی -

**جناب چیئرمین :** نہیں ایک اسٹیج تو باقی ہے - تیسری خواندگی تو باقی ہے -

**خواجہ محمد صفدر :** جناب یہ امنڈمنٹ تو سپلیمنٹری لسٹ میں ہے ۲ (اے) -

**Mr. Chairman :** Yes please.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب یہ سرکولیٹ ہوئی ہے -

جناب چیئرمین : ان کی امنڈمنٹ پر تو آپ نے اعتراض کیا کہ یہ inconsistent to the previous decision ہے ۔

خواجہ محمد صفدر : وہ میرا اعتراض ڈسپوز آف ہو گیا ۔

**Mr. Chairman :** Should I put it to vote ?

خواجہ محمد صفدر : جناب والا ! یہ سرکولیٹ ہوچکی ہے ۔

جناب چیئرمین : آپ نے امنڈمنٹ پر اعتراض کیا ہے نا کہ it is inconsistent with the previous decision.

خواجہ محمد صفدر : وہ اعتراض تو میرا ڈسپوز آف ہوگیا ہے ۔

**Mr. Chairman :** I should put the amendment to the House.

**Khawaja Mohammad Safdar :** No, Sir.

وہ تو میرا صرف اعتراض ڈسپوز آف ہوا ہے ۔

جناب چیئرمین : میں سمجھتا ہوں کہ اب امنڈمنٹ جو ہے ---

خواجہ محمد صفدر : آپ نے ہاؤس کے سامنے پیش کر دی ہوئی ہے ۔

جناب چیئرمین : میں نے ہاؤس کے سامنے پیش کردی ہوئی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر : اس لئے تو میں نے اعتراض کیا تھا ۔

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے ، آپ کا اعتراض بھی ہو گیا نا ؟

خواجہ محمد صفدر : جی ہو گیا ہے ۔

جناب چیئرمین : اب اس میں کیا رہ گیا ہے ؟

خواجہ محمد صفدر : اب رہ گیا ہے اس میں ---

**Mr. Chairman :** You are moving an amendment to this amendment.

خواجہ محمد صفدر : میری ایک امنڈمنٹ بھی موجود ہے ۔

جناب چیئرمین : اوہ ، ٹھیک ہے ۔

خواجہ محمد صفدر : اس امنڈمنٹ پر جو کہ قائد ایوان نے پیش کی ہوئی ہے اس پر بحث بھی باقی ہے ۔

ملک محمد اختر : ٹھیک ہے جناب ، کون انکار کرتا ہے ۔

**Mr. Chairman :** Oh, you can move the amendment.

خواجہ محمد صفدر : آپ نے جو کچھ فرمایا ہے ، ٹھیک ہے ۔

Now, I move my amendment.

Sir, I beg to move :

> "That in the amendment No. 2, in the proposed new Clause 18A, the figure '7' occurring in the sixth line be substituted by the figure '6'."

**Mr. Chairman :** The amendment to the original amendment moved by Khawaja Mohammad Safdar reads :

"That in the amendment No. 2, in the proposed new Clause 18-A, the figure '7' occurring in the sixth line be substituted by the figure '6'."

**Maulana Kausar Niazi :** Accepted.

**Mr. Chairman :** Now, the sting it taken out.

**خواجہ محمد صفدر :** نو سر ! یہ تو ۔ ۔ ۔

**جناب چیئرمین :** وہ تو accept کرتے ہیں ۔

**خواجہ محمد صفدر :** یہ تو accept کرتے ہیں ، ٹھیک ہے ۔ یہ تو ایک نارمل امنڈمنٹ ہے ۔ یہ ان کی غلطی تھی ، اگر نہیں مانتے تو نہ مانیں ، یہ بل ہی غلط ہو جاتا ۔ یہ مجھ پر کوئی احسان نہیں کر رہے ہیں ۔

**جناب چیئرمین :** وہ تو مان رہے ہیں ۔

**خواجہ محمد صفدر :** اگر نہ مانیں تو یہ ایک نامعقول شکل اختیار کر جائے گا ۔

**جناب چیئرمین :** آپ نے کہا ہے کہ بجائے ۷ کے ۶ کر دو ۔

**خواجہ محمد صفدر :** جی ہاں ۔

**جناب چیئرمین :** وہ کہتے ہیں کہ ٹھیک ہے ۔

**ملک محمد اختر :** تو اب بحث کیسی ؟

**خواجہ محمد صفدر :** بحث تو اس بات کی ہے کہ یہ نئی کلاز ہے یہ نہیں ہونی چاہیئے ۔ میں اس کو اپوز کر رہا ہوں ۔

**جناب چیئرمین :** آپ نے امنڈمنٹ موو کی ہے ، انہوں نے منظور کر لی ہے تو پھر کیا رہ گیا ہے ؟

**خواجہ محمد صفدر :** تو میری امنڈمنٹ جو ہے وہ ڈسپوز آف ہوگئی ہے تو اب ایوان کے سامنے ان کی امنڈمنٹ as amended by my amendment موجودہ ہے ۔ اب اس پر بحث کر رہے ہیں ۔

**ملک محمد اختر :** کرو بھی ، خدا کا نام ہے ۔ ۔ ۔

**خواجہ محمد صفدر :** بھئی ، چیئرمین صاحب ، جب کوئی سوال کریں تو مجھے اس کا جواب دینا چاہیئے ۔

**جناب چیئرمین :** پہلے تو آپ نے amendment to amendment موو کی ہے اور انہوں نے منظور کی ہے ۔

**خواجہ محمد صفدر :** جی ۔

**جناب چیئرمین :** اب آپ اس پر بول رہے ہیں یا should I put this to the House ?

**خواجہ محمد صفدر :** نو سر ! میں ان کی امنڈمنٹ پر تقریر کرنے والا ہوں ۔

**Mr. Chairman :** What about your amendment ?

**خواجہ محمد صفدر :** وہ تو آپ نے ....

**جناب چیئرمین :** وہ تو منظور کر لی ہے -

**خواجہ محمد صفدر :** جی ، جی ، کوئسچن آپ نے کرنا ہے -

**جناب چیئرمین :** کوئسچن کرنا ہے ، دیکھیئے آپ نے موو کی اور انہوں نے منظور کی -

Anyhow, the House has to decide.

**خواجہ محمد صفدر :** جی ہاں -

**جناب چیئرمین :** جب میں فیصلہ کر لوں گا ، تب آپ بولیں گے -

**خواجہ محمد صفدر :** آپ نے بجا فرمایا -

**Mr. Chairman :** Now, the question before the House is :

> "That in the amendment No. 2, in the proposed new Clause 18A, the figure '7' occurring in the sixth line be substituted by the figure '6'."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Chairman :** The amendment is adopted.

ٹھیک ہے - اب آپ اورجنل امنڈمنٹ پر بولیں -

**خواجہ محمد صفدر :** جناب چیئرمین ! میں مختصر سے وقت میں کوشش کروں گا کہ اس بل میں جو ایک نئی کلاز کا اضافہ کیا گیا ہے اس پر اپنے خیالات کا اظہار کروں -

جناب چیئرمین ! اس کلاز کو منظور کرنے کے بعد اس ملک میں وہ تمام مساجد ، وہ تمام دینی مدرسے جو کہ اوقاف کی ملکیت میں اس وقت چل رہے ہیں ، ان کے منتظمین کو چیف ایڈمنسٹریٹر آف اوقاف جب چاہے اور جس وقت چاہے اس قسم کی ہدایات جاری کر سکتا ہے کہ وہ ایسے خطبے ، ایسے لیکچر اور ایسے وعظ ارشاد نہ فرمائیں جن سے اس بات کا احتمال ہو کہ اس ملک میں بسنے والے مختلف مسلمان فرقوں میں منافرت پھیلے گی اور نہ ہی انہیں سیاسیات کے متعلق ان کے خطبات میں کوئی بات کہنی چاہیئے -

جناب چیئرمین ! جو پیپلز پارٹی یا حکمران پارٹی کے نزدیک سیاست اور مذہب میں تفریق کی جا سکتی ہے ، مجھے معلوم نہیں ہے کہ محترم مولانا کوثر نیازی صاحب اس موضوع پر کیا رائے رکھتے ہیں - میں ان سے درخواست کروں گا کہ وہ اس موضوع پر کھل کر اپنے خیالات کا اظہار فرمائیں - میں ایک مسلمان کی حیثیت سے یہ سمجھتا ہوں کہ اسلام میں جو کہ دین ہے ، اس میں سیاست بھی شامل ہے -

جدا ہوویں سیاست سے تو رہ جاتی ہے چنگیزی

اگر سیاست کو ارباب اقتدار نے دین سے علیحدہ کر دینا ہے تو وہ پھر چنگیزی ہوگی ، وہ اسلام نہیں ہو گا ، بلکہ وہ میرے نزدیک سیاست بھی نہیں ہوگی اور

[Khawaja Mohammad Safdar]

علماء کرام کو اس بات سے باز رکھنے کے لئے کہ وہ ملکی سیاست کی حالات حاضرہ کے متعلق اپنے نکتۂ نظر سے اپنے معتقدین اور مندوبین کو آگاہ نہ کریں یہ ایک ایسی جسارت ہے جو کہ انگریز کے دور حکومت میں بھی نہیں کی گئی تھی -

جناب چیئرمین ! آپ مجھ سے بہتر آگاہ ہیں کہ اس بر صغیر میں علماء حق نے آزادی کی جد و جہد کے لئے جو شاندار کردار ادا کیا ہے وہ اس برصغیر کی تاریخ میں سنہری حروف سے لکھنے کے قابل ہے - کون سی وہ تحریک تھی جس میں علماء حق نے ہراول دستے کا کام نہ کیا ہو - کیا تحریک پاکستان ماسوائے چند ایک علماء کے ، جو کہ گنے چنے ہیں ، اور تمام مکتب فکر کے علماء نے ---

**Malik Mohammad Akhtar :** On a point of order, Sir.

**Mr. Chairman :** Yes ?

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, I regret to point out that the honourable Member has gone into emotions, and he is completely out of order. The heading of the amending clause is :

> "Power to issue directions as to management, etc., of waqf property."

How is he presuming that this Government which has framed the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, and the Government which has, I need not go into details, decided 'Khatm-e-Nabuwwat' issue which your Government could not do, would do such things ? Why is he presuming these things ? He should only confine to the point whether the Government should issue any instructions to the persons concerned or not. He cannot go into the deep histories. Of course, he can make a political speech, but that could be in the third reading, and even that strictly in accordance with the rules. At this stage, Sir, he can only say whether the powers assumed by the Government in respect of issuing directions should be there or not. He cannot go beyond that.

**Mr. Chairman :** Yes, Khawaja Sahib, try to confine yourself to the objectives of the amendment.

**خواجہ محمد صفدر :** جناب والا ! میں اپنی گزارشات اس ترمیم کے اس حصہ کے متعلق پیش کر رہا ہوں جس میں یہ کیا گیا ہے کہ علماء پارٹی پالیٹکس میں حصہ نہیں لیں گے اور ان کو ایسی ہدایات دی جا سکتی ہیں اور ان کو منع کیا جا سکتا ہے کہ وہ ایسا نہ کریں اوو میں سمجھتا ہوں کہ ابھی تک تو میں اس ترمیم کے اسکوپ اور اس کی حدود سے باہر نہیں گیا -

جناب چیئرمین ! میں یہ گزارش کر رہا تھا کہ اگر برصغیر کے علماء کرام تحریک آزادی میں ہمارا ساتھ نہ دیتے اور پورے تن من دھن سے اس تحریک کی حمایت نہ کرتے تو یہ تحریک شاید کبھی کامیاب نہیں ہو سکتی تھی اور حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی ، مولانا عبدالحامد بدایونی اور اس قسم کے اکابر علماء کرام نے اس امر پر علماء ہند کی راہنمائی کی اور اگر اس وقت یہ قانون ہوتا جو آج وضع کیا جا رہا ہے اور جس میں یہ پابندی لگائی جا رہی ہے کہ علماء کو سیاسی مسائل پر گفتگو کرنے سے روکا جا سکتا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ کبھی بھی

قائداعظم رحمتہ اللہ کی تحریک کی حمایت نہیں کر سکتے تھے اور یہ تحریک کبھی کامیابی سے ہم کنار نہ ہوتی ۔

جناب والا ! میرا دوسرا اعتراض یہ ہے کہ اس نئی کلاز کے پہلے حصے میں یہ کہا گیا ہے کہ علماء کرام کو ایڈمنسٹریٹر جنرل کی طرف سے یہ ہدایت دی جا سکتی ہیں کہ وہ اپنے خطبات میں مختلف فرقوں کے متعلق ایسے خیالات کا اظہار نہ کریں جن سے مختلف فرقوں میں نفرت پیدا ہو ۔ جناب چیئرمین ! یہاں جو الفاظ استعمال کیے گئے ہیں وہ الفاظ پاکستان پینل کوڈ کی دفعہ ۱۵۳ الف سے لیے گئے ہیں اور یہ پہلے ہی جرم ہے ۔ یہ پاکستان پینل کوڈ کے تحت جرم ہے اور مختلف فرقوں میں نفرت پیدا کرنا قابل تعزیر جرم ہے ، قابل دست اندازی پولیس جرم ہے ، ڈیفنس آف پاکستان آرڈیننس کے تحت جرم ہے ، ویسٹ پاکستان مینٹیننس آف آرڈر آرڈیننس کے تحت جرم ہے ، پاکستان سیکیورٹی ایکٹ کے تحت جرم ہے اور کئی ایسے قوانین ہیں جن کے تحت یہ جرم ہے یعنی حکومت کا ترکش اس قسم کے تیروں سے بھرا ہوا ہے ۔ ۔ ۔

**جناب چیئرمین :** تو کیا ہوا ایک اور تیر آ گیا ۔

**خواجہ محمد صفدر :** یہی میں عرض کر رہا ہوں ۔

**جناب چیئرمین :** اگر پچاس تیر ہیں تو ۵۱ ہو گئے ۔

**ملک محمد اختر :** یہ خلش کہاں سے ہوتی جو جگر کے پار ہوتا !

**خواجہ محمد صفدر :** میں عرض کرتا ہوں کہ یہ بیکار قانون سازی ہے یہ ایسی ترمیم ہے جس کا کوئی فائدہ نہیں ہے ، جس کا کوئی مقصد نہیں ہے اور یہ مقصد موجودہ مروجہ قوانین کے ذریعہ حاصل ہو سکتا ہے ۔ اگر کوئی شخص خواہ وہ عالم دین ہو یا کوئی اور شخص ہو ، اگر وہ اس قسم کی تقریریں کرے گا جن سے اشتعال پیدا ہوگا ، تو وہ قابل مواخذہ ہے ۔ یہاں لکھنے کی کیا ضرورت ہے جب کہ قوانین موجود ہیں اس کا چالان کیجیئے ، اس کے خلاف مقدمہ ثابت ہوگا تو وہ جیل جائے گا۔ کون اس کی حمایت کرتا ہے کہ مسلمانوں میں باہمی افتراق پیدا ہو ۔ ہم میں سے کوئی صاحب عقل و فہم اس کی حمایت نہیں کرے گا لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس قسم کی کارروائیوں کو روکنے کے لیے ہمارے پاس بیسوں قوانین پہلے موجود ہیں تو اب اس قانون کی کیا ضرورت ہے ؟ یہ تو سکھوں والا معاملہ ہے کہ پہلے ۲۰ کاٹھیاں پڑی ہوئی ہیں اور اس پر ایک کاٹھی اور ڈال رہے ہیں ۔ اس لیے ہمیں ہوش و خرد سے کام لینا چاہیئے کیونکہ وہ قوم تو یہاں سے چلی گئی اس لیے میں یہ عرض کروں گا کہ دوسرا اعتراض میرا اس کے متعلق یہ ہے ۔ جناب چیئرمین ! میں اپنی گزارشات کو فی الحال ان چند معروضات تک محدود رکھتا ہوں اور میں زیادہ وقت نہیں لینا چاہتا ۔ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کیونکہ شائد میرے دوست بھی اس کے متعلق کچھ کہنا چاہیں ۔

(اس مرحلے پر مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی تقریر کے لیے کھڑے ہوئے)

**ملک محمد اختر :** مولانا ابھی آپ باقی ہیں ؟

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** ملک اختر صاحب جب سے صوبہ سرحد سے تشریف لائے ہیں ان کا بڑا شاعرانہ موڈ ہو گیا ہے - پرسوں صوبہ سرحد تشریف لے گئے تھے - کل آپ نے ان کا فوٹو ملاحظہ فرمایا ہوگا -

**جناب چیئرمین :** میں نے فوٹو نہیں دیکھا -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** غالباً آپ کے ملاحظہ سے نہیں گزرا ، وہ لائبریری میں موجود ہے آپ دیکھ لیجیئے -

**جناب چیئرمین :** کس اخبار میں ہے ؟

**خواجہ محمد صفدر :** لائبریری کے شیشے میں لگا ہوا ہے -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** اخبار میں موجود ہے - پرسوں کے اخبار میں آیا تھا -

**جناب چیئرمین :** کس اخبار میں آیا ہے -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** جنگ میں آیا تھا -

**جناب چیئرمین :** میں نے نہیں پڑھا -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** صوبہ سرحد تشریف لے گئے تھے اور اپنے ارشادات عالیہ میں - - -

**ملک محمد اختر :** جب یہ گئے تھے تو چند گھنٹے غائب بھی رہے تھے -

**مولانا کوثر نیازی :** جناب چیئرمین ! پھر تو آپ بڑے شاعر ہوں گے کیونکہ آپ صوبہ سرحد سے تعلق رکھتے ہیں -

**جناب چیئرمین :** میں شاعر تو نہیں ہوں البتہ شعروں کو پسند کرتا ہوں -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** میں آپ کی اجازت سے یہ عرض کر دوں کہ ملک اختر صاحب نے ابھی یہ ارشاد فرمایا کہ آیا حکومت کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ آئمہ مساجد اور خطباء کو ہدایات جاری کرے یا نہ کرے - ابھی خواجہ صاحب تقریر فرما رہے تھے تو درمیان میں انہوں نے ارشاد فرمایا کہ یہ اسکوپ سے باہر تقریر کر رہے ہیں اور یہ ریلیونٹ نہیں ہے اور اس پر آپ گفتگو نہیں فرما سکتے تو اس سے ایک نیا مسئلہ زیر بحث آیا اور جو ترمیم آئی ہے اس کی بھی منشاء یہی ہے کہ آئمہ مساجد اور خطباء کو اس بات کا پابند بنایا جائے کہ ایڈمنسٹریٹر جنرل جو احکامات جاری فرمائے ان کی بسر و چشم تعمیل کی جائے، ان کی بہ صدق دل تعمیل کی جائے - ترمیم کا مقصد یہ ہے اور اصل میں یہ بل جو پاکستان کی وزارت مذہبی امور لا رہی ہے یہ نہ تو عارضی ہے اور نہ وقتی ہے ، ہمیشہ کیلئے اس بل کے اثرات اس ملک کے اوقاف پر مرتب ہوں گے واقف پر مرتب ہوں گے اور شرط واقف جو ہے اس کے اثرات اس پر ظاہر ہوں گے کہ کس حد تک اس پر عمل کیا ہے اور کس حد تک عمل نہیں کیا- یہ بل ہمیشہ کے لیے ہے اور ظاہر ہے آپ اس وقت تشریف فرما تھے ابتداً جب یہ بل پیش ہوا تھا تو میں نے عرض کیا تھا کہ اوقاف کی ابتدا کہاں سے شروع ہوئی - میں اس وقت اس کی تفصیل میں نہیں جانا چاہتا -

وزارت امور مذہبی کا غالباً مقصد یہ ہے کہ ایسے مستقل طریقے اختیار کیے جائیں اور ابھی محترم وزیر امور مذہبی نے یہ ارشاد فرمایا کہ ہم یہ چاہتے ہیں کہ اوقاف کی اصلاح احوال کے لیے مستقل تدابیر اختیار کی جائیں ۔ ظاہر ہے کہ اس کے اثرات آئندہ نسلوں کے لیے اور انشاء اللہ پاکستان جب تک باقی اور اس کو باقی رہنا ہے اس کے لیے نہایت اہمیت کی حامل ہوں گی ۔ کیونکہ ہم یہ بل مستقل بنا رہے ہیں ۔ یہ عارضی نہیں ہے ، وقتی نہیں ہے اور کسی خاص طبقے کے لیے نہیں ہے ۔ لیکن اس میں بعض چیزیں ایسی آ جاتی ہیں جن کو موجودہ حالات کی روشنی میں اگر دیکھا جائے تو یہ محسوس ہوتا ہے کہ بل کے اغراض و مقاصد آہستہ آہستہ تبدیل ہو گئے ہیں ۔ اور میں اس سلسلے میں چند باتیں عرض کرتا ہوں ۔ پہلی بات یہ ہے کہ آیا حکومت وقت پر مسجد میں نکتہ چینی کرنا سیاست ہے یا نہیں ؟ اور دوسری بات یہ آ جاتی ہے کہ اگر سیاست ہے تو اس کی اجازت ہے یا نہیں ۔ تو اس سلسلے میں میں یہ عرض کروں گا کہ حضرت سرور کونین پر نور جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے صحابہ اجمعین ہمارے لیے اسوہ حسنہ ہیں اور وہ با برکت ہستیاں اسوہ حسنہ میں داخل ہیں ۔

علیکم بسنتی وسنتہ الخلفاء الراشیدین المھدین مبصمنوا علیھا با النواجذ ۔

تم پر لازم ہے کہ میری سنت میرے صحابہ کی سنت خلفا راشدین کی سنت ۔ بس تم اس سنت کو مضبوطی سے تھام لو ۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے متعلق متعدد محدثین نے ارشاد فرمایا اور چودہ سو سال اس بات پر اتفاق کیا ہے ۔ اس روایت کے صحیح ہونے پر مسلمانوں میں کوئی بھی ایسا طبقہ خیال اور ایسے افکار کے حامل افراد موجودہ نہیں ہیں جنہوں نے اس روایت کی صحت سے انکار کیا ہو ۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنۂ ممبر پر رونق افروز ہیں اور ارشاد فرمایا ۔ اسمعوا ۔ سنو ۔ اطیعوا ۔ اطاعت کرو ۔ ویسے خلیفہ اور امیر کی اطاعت بھی ہونی چاہیئے ۔ وہ کس صورت میں ہے ۔ شریعت نے اس کی حدود مقرر کر دی ہیں ۔ اب یہ بات مسجد نبوی میں ممبر رسول پر ہو رہی ہے ۔ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنۂ نے ارشاد فرمایا ۔ آپرض خطبہ دے رہے ہیں اسمعو و اطیعو ۔ ایک شخص کھڑے ہوئے ۔ انہوں نے ارشاد فرمایا لاسمعا ۔ نہیں سنتے ۔ ولا طیعا ۔ نہ اطاعت کریں گے ۔ اور کیوں ؟ کہ سب سے پہلے اس بات کی وضاحت کیجیئے کہ آپ کے پاس یہ کرتہ جو بنا ہے یہ کیسے بنا ہے ؟ اس لیے کہ آج سے قبل جو مال غنیمت تقسیم ہوا ، جو چادریں تقسیم ہوئیں اس میں حصہ رسدی سب کو ایک ایک ملی ۔ ظاہر ہے کہ اس چادر میں جب میرا کرتہ نہیں بن سکتا تو آپ جیسی قد و قامت شخصیت کا کرتہ نہیں بن سکتا تھا ۔ تو آپرض نے اپنے صاحبزادے گرامی قدر سید نا عبدالواحد سے ارشاد فرمایا ۔ جناب والا ! میں مختصراً عرض کر رہا ہوں ۔ انہوں نے جواب میں ارشاد فرمایا کہ آپ نے بالکل صحیح فرمایا کہ والد ماجد کو ایک ہی چادر ملی تھی لیکن میں نے اپنی چادر ان کو دے دی ۔ اس طرح دونوں چادروں سے مل کر کرتہ تیار ہو گیا ۔ تب وہ دوبارہ کھڑے ہوئے اور کہا ۔ الا ن تسمع اب سنیں گے ونطیع اور اطاعت بھی کریں گے ۔ میرا عرض کرنے کا مقصد یہ تھا کہ بیت الہٰل میں خیانت کا ذرہ برابر شبہ ہو ، حاکم وقت شرعی حدود سے اگر تجاوز کر رہا ہو اور دینی

[Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi]

امانت میں خیانت شرعی حدود سے تجاوز کرنا ہے - شرع نے جو حدود مقرر کی ہیں - ان میں رہنا ہے - اس کے بعد اگر امانت میں خیانت ہوتی ہے تو ظاہر ہے کہ اس سے تجاوز کرنا ہے - تو مسجد میں نکتہ چینی کرنے کا حق ہے لیکن آج کے دور میں ڈی پی آر آ جاتی ہے - آج کے دور میں ایڈمنسٹریٹر جنرل بیچ میں آ جاتا ہے - آپ کچھ نہیں کہہ سکتے - اگر آپ یہ کہتے ہیں تو آپ پارٹی پولیٹکس ہیں - اگر آپ یہ کہتے ہیں کہ بیت المال کا مصرف صحیح نہیں ہو رہا - اخراجات میں اصراف ہو رہا ہے - حکومت وقت فلاں کام اپنے عوام کے مفاد میں نہیں کر رہی ہے بلکہ اپنے مفاد میں کر رہی ہے تو یہ پارٹی پولیٹکس ہے - آپ اس پر بول نہیں سکتے -

میرا عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ مسجد وہ پلیٹ فارم ہے جہاں مسلمانوں کا دین اور اس دین میں سیاست اور مذہب دونوں داخل ہیں یہ زیر بحث آ سکتے ہیں - اس سلسلے میں جتنی فتاویہ اسلامیہ ہیں - خواہ وہ تعزیری ہوں - خواہ وہ سیاسی ہوں - خواہ وہ معاشی ہوں معاد اور معاش کے جتنے وسائل ہوں وہ سب مسجد میں زیر بحث آ سکتے ہیں - یہ پابندی لگا کر ہم نے غیر شرعی کام کیا ہے - دوسری بات نہایت ادب سے آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں اور آپ کے توسط سے مولانا صاحب سے کہوں گا کہ وہ اس پر خصوصی توجہ فرمائیں - اس کا ان کو علم ہے لیکن بہت سی چیزیں نہیں آ سکیں گی - اب ظاہر ہے کہ پورے پاکستان کی ہر مسجد کا واقعہ ان کے علم میں کیسے آئے گا جب کہ وزیر امور مذہبی کی اسلام آباد میں بے شمار مصروفیات ہیں - وزیر امور مذہبی جن کی ملک میں بے شمار مصروفیات ہیں - بیرون ملک بے شمار مصروفیات ہیں - اقلیتوں کے مسائل ہیں - مسلمانوں کے مسائل ہیں - اوقاف کے مسائل ہیں - بیرون ملک پاکستانیوں کے مسائل ہیں - ظاہر ہے کہ وہ ہر مسجد کے چھوٹے سے چھوٹے مسئلے میں indulge نہیں ہو سکتے - یہ بات صحیح ہے - یہ سارا کام ایڈمنسٹریٹر جنرل یا بیوروکریسی کرے گی اور مساجد اور اس کے مقام کو کس طرح تباہ و برباد کرے گی - اس کی چھوٹی سی مثال میں آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں - ابھی حال ہی میں اور آپ کے علم میں بھی وہ واقعہ آیا ہوگا اور یہ بات آپ کے علم میں ہے - میں سمجھتا ہوں کہ آپ کی معلومات مجھ سے زیادہ ہیں - میں نے آپ کی تقاریر جو آپ نے حضور سرور کائنات رحمت اللعالمین صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی سیرت مبارک پر مردان میں اور بعض مقامات پر کی ہیں اور آپ کو علم ہے کہ خطبہ حجتہ الوداع یعنی حضور پر نور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا خطبہ حجتہ الوداع اور آپ کا کوئی بھی ارشاد مسلمانوں میں کبھی کبھی متنازع فیہ نہیں رہا - کسی ارشاد کے متعلق تو کہا جا سکتا ہے کہ ہم اس کو ضعیف سمجھتے ہیں - ہم اس کو یہ سمجھتے ہیں وہ سمجھتے ہیں لیکن خطبہ حجتہ الوداع - یہ آخری خطبہ ہے جو حضور پر نور رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے میدان عرفات میں صحابہ اجمعین کے اجتماع میں ارشاد فرمایا یہ متفقہ علیہ فیصلہ ہے - اس پر دنیا کے کسی بھی مسلمان نے چودہ سو سال کے اس عرصہ میں کبھی بھی اختلاف نہیں کیا - اور کبھی بھی یہ نہیں کہا کہ خطبہ اس طرح نہیں ہے - نہ کسی نے یہ کہا کہ اس کا فلاں حصہ غلط ہے - اور نہ ہی کسی نے یہ کہا

کہ اس کی فلاں شق قابل متنازع فیہ ہے نہ کسی نے یہ کہا کہ اس کی فلاں شق زائد ہے - روایت ہے - ضعیف ہے - کسی نے نہیں کہا - یہ مستند ہے انسانیت کے لیے ایک منشور ہے اور حیات انسانی کے لیے ایک منشور ہے - اقوام متحدہ کے چارٹرڈ میں جس میں human rights بیان کیے گئے ہیں اس کو اگر آپ ملاحظہ فرمائیں تو وہ آج کی پیدا وار ہیں یعنی 1946ء کی سان فرانسسکو کی پیداوار ہیں لیکن حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا خطبہ حجتہ الوداع چودہ سو سال قبل human rights کی مکمل ضمانت ہے -

جناب چیئرمین ! اس خطبہ حجتہ الوداع کے متعلق آپ کو یہ سن کر حیرت ہو گی کہ چودہ سو سال کے بعد مملکت خدا داد پاکستان میں بیورو کریسی کا کارنامہ دیکھیئے اور میں آپ کے توسط سے مولانا صاحب کی خصوصی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ اگر یہ اختیارات ہمیشہ کے لیے ایڈمنسٹریٹر جنرل کو تفویض کر دیے گئے اور محکمہ اوقاف کے افسر شاہی کے سپرد کر دیئے گئے تو محکمہ اوقاف کو وہ تباہ و برباد کر دیں گے اور ہم اللہ اور اللہ کے رسول کے غضب سے نہیں بچ سکیں گے - جب کہ میں نے پہلے ابتدا میں آپ کی خدمت میں عرض کیا کہ یہ فقط قومی امانت ہیں یہ اللہ رب العالمین کی امانت ہے - یہ اللہ کا وقف ہے - وقف للہ ہوتا ہے - جناب چیئرمین ! میں بیورو کریسی کے متعلق عرض کر رہا تھا :

"KHUTBATO HAJATUL WIDA" issued by Shoba-e-Nashro Ishaat, Pakistan Jamiat Hanafi, Ahle Sunnat, Iddara Taleemul Islam, Golimar Bazar, Karachi, contains words signs and visible representations which are likely to create feelings of enmity, ill-will or hatred between different sects of the citizens of Pakistan and which are of the nature described in clause (j) sub-section (1) of Section 24 of the West Pakistan Press and Publications Ordinance, 1963 (Ordinance No. XXX of 1963) :

AND WHEREAS, the said Urdu booklet captioned "KHUTBATO HAJATUL WIDA" is therefore liable to forfeiture under section 39 of the said Ordinance ;

NOW, THEREFORE, in exercise of the powers conferred on it by Section 39 of the West Pakistan Press and Publications Ordinance, 1963, the Government of Sind is pleased to declare all the copies of the said Urdu booklet "KHUTBATO HAJATUL WIDA" to be forfeited to the Government of Sind and any Police Officer not below the rank of a Sub-Inspector, may seize the same wherever found in the Province of Sind."

یہ میں نے ایک مثال دی ہے آپ اندازہ فرمائیں نوکر شاہی کے متعلق ، لیکن اس کے بعد جب وزیر اعلیٰ صاحب کے علم میں ایک مہینے کے بعد یہ بات آئی -

**جناب چیئرمین :** اس کا اس سے کیا تعلق ؟

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** یہ تو میں نے صرف مثال دی ہے -

**جناب چیئرمین :** مثال دینا اور بات ہے اور مثال کو موضوع بحث بنانا اور بات ہے - ان دونوں میں فرق ہے - آپ نے یہ بتایا تھا کہ نوکر شاہی یہ کریں گے - آپ نے تمام نوٹیفیکیشن پڑھ دیا ہے -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** وہ میں نے اس لئے عرض کیا ہے ۔ وہ صرف میں آپ کو بتانا چاہتا تھا کہ خطبہ الحجتہ الوداع کے سلسلے میں جو کلمات ہیں ۔ ان سے ill feeling اور نفرت پیدا ہوتی ہے ۔

**جناب چیئرمین :** مولانا صاحب ایک خامی ہم نے سمجھ لی کہ افسر شاہی غلط احکامات جاری کرتے ہیں اور آپ کے اس کیس میں بھی ایسا ہوسکتا ہے لیکن اس کو موضوع بحث بنانا درست نہیں ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** جناب محترم وزیر اعلیٰ صاحب نے واپس لے لیا ۔

**جناب چیئرمین :** آپ نے تمام پڑھ دیا ۔

(*Interruption*)

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** میں نے جناب اس کو ایک منٹ میں پڑھا یا دو منٹ میں پڑھ دیا تھا چلو تین منٹ میں پڑھ لیا ہو گا ۔ آخر وہ حکومت سندھ کا آرڈر ہی تو تھا ۔ آپ اندازہ لگائیے کہ اس سلسلے میں جو کچھ نوکر شاہی نے کیا اور محکمہ اوقاف کے متعلق جو احکامات جاری کیے گئے ۔ اس نے لوگوں کو بے صبر بنا دیا اور وہ صبر کو ختم کریں گے اور ایک مہینہ چودہ دن کے بعد اس حکم کو واپس کیا ۔ اور ایڈمنسٹریٹر جنرل کو جو پاورز دے رہے ہیں میں اس سلسلے میں ایک واقعہ آپ کے علم میں لانا چاہتا ہوں ۔ اوقاف کی بہت سی مساجد ہیں ۔ ٹھیک ہے میں ان کی نیت پر شبہ نہیں کرتا ۔ بہت سی مساجد کو پراونشل اوقاف نے لے لیا ہے ۔ ان کے خطیبوں کو آئمہ کو سات مہینے سے تنخواہ نہیں مل رہی ہے ۔ وہ ابھی طے کر رہے ہیں سوچ رہے ہیں ۔ آخر اس خطیب نے ممبر پر کھڑے ہو کر یہ عرض کیا اور اس نے کہ دیا کہ تنخواہ نہیں مل رہی ہے تو یہ کہیں گے کہ یہ نفرت پیدا کر رہے ہیں ۔ بہر حال میں الزام نہیں لگاتا لیکن یہ کہیں گے کہ یہ بھی پارٹی پالیٹکس ہے کہ تنخواہ نہیں مل رہی اور آپ محکمہ اوقاف کے مینیجر اور افسران کو آپ چاہتے ہیں وہ تمام دن بیٹھ کر گپیں مارتے ہیں ۔ ان کو مسجد کی بجلی کٹ جانے سے کیا مطلب وضو کے لئے پانی نہ ہو ۔ پمپ خراب ہو ۔

**ملک محمد اختر :** یہ hatred کیسے ہو گی ؟

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** یہ ہو جاتی ہے ۔

**ملک محمد اختر :** یہ کبھی بھی پیدا نہیں ہو سکتی ۔ چھوڑیں اس کو ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** جب سے آپ صوبہ سرحد سے ہوکر آئے ہیں ۔

**جناب چیئرمین :** صوبہ سرحد کا کیا مطلب ہے ؟ کچھ کالا کالا نظر آتا ہے ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** جناب پہلے پیرزادہ صاحب سرحد جایا کرتے تھے ۔ اب یہ جاتے ہیں ۔

**جناب چیئرمین :** یہ راز و نیاز کی باتیں ہیں ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** جناب یہ پیرزادہ صاحب کے پیروکار ہیں - پہلے پیرزادہ صاحب وہاں تشریف لے جایا کرتے تھے اب یہ جاتے ہیں اور آپ کو معلوم ہے کہ پیرزادہ صاحب کو کن کن خطابات سے نوازا گیا تھا - بہرحال ان کے لئے تیاریاں ہو رہی ہیں - بعض لوگ تیاری کر رہے ہیں -

میں یہ عرض کر رہا تھا کہ مسجد کی بجلی کٹ گئی کیوں کٹ گئی ؟ معلوم ہوا کہ محکمہ نے بجلی کے بل کی ادائیگی نہیں کی تھی محکمہ اوقاف کے چیف ایڈمنسٹریٹر کو اور دوسرے افسران کو مسجد سے کیا تعلق - آپ کو معلوم ہوگا کہ چھ چھ ماہ سے بجلی کے بل ادا نہیں کئے گئے اور بجلی کٹ جاتی ہے لوگوں کو وضو کے لئے پانی نہیں ملتا - اگر کسی خطیب نے ممبر پر کھڑے ہو کر محکمہ اوقاف کی بد انتظامی کے متعلق کچھ کہہ دیا تو یہ بھی پارٹی پالیٹکس - اگر وہ یہ کہتا ہے کہ مجھے سات ماہ سے تنخواہ نہیں ملی تو یہ بھی پارٹی پالیٹکس میں اس کو ملوث کرے اس کے خلاف کاروائی شروع ہو گئی - اس کا مطلب یہ ہے کہ محکمہ اوقاف کے خطیب کی زبان بندی کی جائے - تیسری بات میں یہ عرض کرتا ہوں کہ حکومت وقت کو یہ حق حاصل ہے - کہ کسی عالم دین کی زبان بندی کر دے - کہ آپ تقریر نہیں کر سکتے - حکومت وقت کو یہ حق حاصل ہے - میں اس سلسلے میں پہلے عرض کر چکا ہوں - دوسری بات میں اختتام پر عرض کرتا ہوں -

**جناب چیئرمین :** تیسری خواندگی کے لئے مواد نہیں چھوڑا -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** وہ تو موجود ہے - مولانا کی تقریر سے مواد مل جائے گا -

**جناب چیئرمین :** وہ تو آج بہت خاموش بیٹھے ہیں - وہ آج آپ کو تکلیف نہیں دے رہے -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** مولانا کو تکلیف دینے کی کیا ضرورت وہ محکمہ اوقاف کے افسران سے دلا دیں گے - تو میں عرض کر رہا تھا کہ معاذ ابن جبل سے روایت ہے مولانا خصوصی توجہ فرمائیں -

قال انس ابن مالک عن معاذ ابن جبل قال یا رسول‌الله -

حضرت انس ابن مالک حضرت معاذ ابن جبل سے روایت کرتے ہیں - کہ انہوں نے حضور پرنور صلی‌الله علیہ سے عرض کیا

یا رسول الله ارایت ان کان علینا امراء لایسنون لبسنتک ولا یاخذون بامرک فما تامرنافی امرھم فقال یا رسول الله صلی‌الله علیہ

عرض کیا یا رسول الله اگر ہم پر ایسے امرا مسلط ہو جائیں جو آپ کی سنت کی پیروی نہ کریں اور نہ ہی آپ کے احکامات کی تعمیل کریں تو حضور انور صلی‌الله علیہ و سلم نے فرمایا لا طاعتہ لمن یطع الله -

(رواہ احمد)

جو الله کی اطاعت نہیں کرتا اس کی اطاعت نہیں کی جائے گی -

[Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi]

لا طاعتہ لمخلوق فی معصیتہ الخالق

(بخاری مسلم)

مخلوق کے جس حکم کے ذریعے خالق کی نا فرمانی ہو تو خالق کی اطاعت ہو گی ، مخلوق کی نہیں ہو گی ۔

اللہ کی مشیت الٰہی کا ارتکاب ہو رہا ہو ۔ بادشاہی حاکم صدر مملکت وزیر اعظم یہ کہتا ہو یہ کرو اور اللہ کے حکم کی مخالفت ہو اللہ تو کہتا نہیں کہ تم آگ میں کود جاؤ ۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے ۔ بعض نے کہا ٹھیک ہے بعض نے اختلاف کیا ۔ حضور انور صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا ۔

لا طاعتہ لمخلوق فی معصیتہ الخالق

جب اللہ کے حکم کی نافرمانی ہو رہی ہو مخلوق کے حکم کی وجہ سے تو مخلوق کا حکم مسترد کر دیا جائے گا ۔ خالق کے حکم کی اطاعت کی جائے گی اللہ کے حکم کو بالا دستی ہے ۔ تو میں اس سلسلے میں عرض کر رہا تھا ۔ مساجد میں امام مقرر کرنے کا حق آیا محکمہ اوقاف کو ہے یا نہیں ہے ۔ اب یہ مسئلہ درپیش ہو گیا ۔

**ملک محمد اختر :** یہ تو جناب پہلی دوسری اور تیسری تینوں خواندگیاں سب ہی ہو گئیں ۔

(مداخلت)

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** گوہر آپ لٹاتے ہیں ، روندتے ہم ہیں ۔

**ملک محمد اختر :** ایک فلم بھی بنی تھی جس کا نام ''نورانی موتی'' تھا ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** ملک صاحب نے موتی ہونے کا اعتراف کر لیا ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ۔

**جناب چیئرمین :** آج آپ مجھ پر رحم نہیں فرماتے ؟ آپ کو معلوم ہے کہ ڈپٹی چیئرمین صاحب بھی یہاں نہیں ہیں اور تین پریزائیڈنگ افسر جو ہیں ان میں سے ایک بھی یہاں موجود نہیں ہے میں نے تین پریزائیڈنگ افسر مقرر کیے ہیں جس کو رلیز کہتے ہیں تینوں میں سے ایک بھی موجود نہیں ہے ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** اسی لئے قائم مقام قائد حزب اختلاف نے عرض کیا تھا کہ سوا نو بجے تک اس کو ختم کر دیجیئے آپ نے خود ہی ارشاد فرمایا تھا کہ نہیں دس بجے تک بیٹھیں گے ۔

**جناب چیئرمین :** میں پشیمان تو نہیں ہوں صرف آپ سے اپیل کر رہا ہوں ۔ دس بجے تک چلیں گے ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** میں نے ختم کر دیا ہے ۔ انشاء اللہ تھرڈ ریڈنگ ابھی باقی ہے ۔ میں عرض کر رہا تھا کہ ایڈمنسٹریٹر جنرل وزارت امور مذہبی یا کسی شخص کو یہ حق حاصل نہیں ہے کہ سیاست حاضرہ پر خطیب مسجد کو تقریر کرنے سے منع کر سکے ۔ یہ شرعی طور پر بھی حق نہیں ہے اور اخلاقی طور پر بھی حق نہیں ہے ۔ آپ کہیں گے کہ یہ عجیب بات ہے ۔ شرعی اور اخلاقی

طور پر کیوں نہیں ہے ؟ قانونی طور پر بھی نہیں ہے ۔ محکمہ اوقاف صرف ان آئمہ مساجد کو ہدایات جاری کر سکتا ہے جو مساجد شاہی مساجد ہیں یا جن کو محکمہ اوقاف نے تعمیر کیا ہے تو پورے پاکستان میں چند شاہی مساجد ہیں ۔ ٹھٹہ کی شاہی مسجد ہے ، بھیرہ کی شاہی مسجد ہے ، مسجد وزیر خاں شاہی زمانے کی بنی ہوئی مسجد ہے ، بادشاہی مسجد اور صوبہ سرحد میں مسجد ، مہابت خاں شاہی مسجد ہے ۔ باقی کسی مسجد کے خطیب کو حکم نہیں دیا جا سکتا ۔ مسجد کی دو قسمیں ہیں حضور والا !

**جناب چیئرمین :** آپ کی علمیت تو اتنی لمبی چوڑی ہے کہ ہم رات کے دو بجے تک بھی بیٹھے رہیں تو آپ کی تقریر ختم نہیں ہو گی ۔ ہم اعتراف کرتے ہیں ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** میں کیا عرض کروں ۔ قاضی القضاۃ ، چیف جسٹس کی کتاب سے صرف ایک دو لائینوں کی عبارت نقل کرتا ہوں ۔ ۴۵۰ھ میں ان کا وصال ہوا ۔ تقریباً آٹھ سو سال پہلے کی یہ لکھی ہوئی کتاب ہے ۔ بادشاہی سلطنت میں چیف جسٹس تھے اور اس کتاب کا نام احکام السلطانیہ ہے ۔ یہ کتاب نیشنل اسمبلی کی لائبریری میں موجود ہے ۔ احکام السلطانیہ والو لائیۃ الدینیہ ، قاضی القضاۃ ابو الحسن علی ابن محمد ماوردی فرماتے ہیں اور تمام فقہاء نے اس پر اتفاق کیا ہے فقہہ حنفیہ نے بھی فقہ مالکیہ نے بھی فقہہ شافعیہ نے بھی فقہہ حنبلیہ نے بھی یہ چار مکتب فکر ہیں ۔

مسجد کی دو قسمیں ہیں مسجد سلطانیہ اور مسجد عوامیہ ۔ بس مجھے اس میں سے یہی عرض کرنا تھا ۔ صفحہ ۹۶ ہے ۔

**جناب چیئرمین :** یہ بالکل واضع ہے ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** مسجد سلطانیہ کا مفہوم یہ ہے کہ وہ مساجد جن کو بادشاہ وقت نے یا حکومت وقت نے اپنے خرچ پر تعمیر کیا ہو اور مساجد عوامیہ وہ ہیں جن کو عوام نے تعمیر کیا ہو ۔ مساجد سلطانیہ میں امام مقرر کرنے کا حق اس سے نماز پڑھوانے کا حق یہ صرف سلطان وقت کو حاصل ہے ، حکومت وقت کو حاصل ہے ، وزارت مذہبی امور کو حاصل ہے ۔ مساجد عوامیہ جو ہیں ان میں امام مقرر کرنے کا حق صرف عوام کو ہے جنہوں نے اپنے چندے سے مسجد بنائی ہے یہ حق ان کو حاصل ہے ۔ اب یہ بڑی عجیب بات ہے جناب چیئرمین کہ وزارت امور مذہبی کے ایڈمنسٹریٹر جنرل صاحب یہاں پر اوقاف کی پراپرٹی کو بیچنے کے لیے بیٹھے ہوئے ہیں جس کے ان کو اختیارات دیئے گئے ہیں ۔ بہرحال یہ بعد کی بات ہے اس پر ملک صاحب بہت چراغ پا بھی ہوئے تھے بہر حال وہ تو میں بعد میں عرض کروں گا ۔

**ملک محمد اختر :** جناب چیئرمین ! مجھے ایک پوائنٹ آف آرڈر کہنا ہے ۔ یہ ایڈمنسٹریٹر جنرل سے یوں ہی گھبرا رہے ہیں مجھے یقین ہے کہ جب وہ ان پر کوئی حکم لگائے گا تو ہمیں یہی کہنا ہوگا کہ :

کی ہم نے آپ کی حاکم سے فریاد
وہ بھی کم بخت تیرا چاہنے والا نکلا

ایڈمنسٹریٹر جنرل سے ان کو نہیں ڈرنا چاہیئے ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** میں کسی مسجد کا خطیب نہیں ہوں ، نماز جمعہ ضرور پڑھاتا ہوں ، وہ بھی مختلف مساجد میں اور جب کراچی میں رہتا ہوں تو گھر کے قریب کی مسجد کیونکہ پڑوس میں ہے اس لیے اس کا حق زیادہ ہے اس لیے میں وہیں نماز جمعہ پڑھاتا ہوں ۔ نماز جمعہ پڑھاتا ضرور ہوں لیکن وزارت امور مذہبی کا ملازم نہیں ہوں ۔

**جناب چیئرمین :** آپ کا دولت خانہ مسجد کے زیر سایہ ہے ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** الحمد للہ ۔ مسجد کے زیر سایہ ہے لیکن وہاں پر خرافات نہیں ہیں ۔ اس کے زیر سایہ فروٹس کی دوکانیں ضرور ہیں ۔

**جناب چیئرمین :** آپ نے فرمایا ہے ، میں نے تو نہیں کہا ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** الحمد للہ ۔ مسجد کے زیر سایہ ہے ۔ بالکل بجا ہے ۔

**جناب چیئرمین :** زیر سایہ ہوتا ہے ۔ غالب کا بھی تو زیر سایہ تھا ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی ۔** وہ غالب تھے اور میں بہر حال آج کل مغلوب ہوں ۔ تو میں عرض کر رہا تھا کہ وہ مساجد ۔ ۔ ۔ اب بڑی حیرت کی بات ہے جناب چیئرمین کہ مسجد کو بنایا ہم لوگوں نے چندہ کر کے ، حکومت نے اور محکمہ اوقاف نے کچھ نہیں دیا ۔ ایڈمنسٹریٹر جنرل صاحب بیچارے ہاتھ باندھ کر بیٹھے ہیں اور کچھ خرچ نہیں کر رہے کیونکہ پراپرٹی ان کو بیچنا ہے محکمہ اوقاف کو اکانومی دینی ہے اور یہ بے شمار مساجد ہیں جو محکمہ اوقاف کی تحویل میں گئیں اور ان کی آمدنی بھی ہے لیکن ایک اینٹ بھی ان میں نہیں لگائی اور یہ اس قسم کی مساجد ہیں ۔ چونکہ محکمہ اوقاف کا صوبائی مصرف تھا ۔ بہر حال میں اس مسئلے کو زیر بحث نہیں لانا چاہتا آگے چل کر بہر حال مولانا صاحب فرما چکے ہیں اور فرمائیں گے بھی اور فرمانا چاہتے بھی ہیں اور اس سے پہلے بھی کہہ چکے ہیں کہ ہم اصلاح کرنا چاہتے ہیں دیکھنا ہوگا کہ کیا اصلاح ہوتی ہے ۔ جس مسجد کو عوام نے تعمیر کیا ہے اس میں ایڈمنسٹریٹر جنرل کو امام مقرر کرنے کا کوئی حق نہیں ہے ۔ حضور والا ! وہ شاہی مسجد تو ہے نہیں ۔ بادشاہی مسجد کے امام پر پابندی لگائیے ، مسجد مہابت خاں کے امام سے آپ کہیئے کہ پارٹی پالیٹکس میں تم داخل نہیں ہو سکتے ۔ بالکل ٹھیک ہے یقیناً وہ اس حکم کی تعمیل کرے گا ۔ اول تو ان کو بھی نہیں کرنی چاہیئے کیونکہ وہاں پر امام مقرر کرنے کا اختیار ہے زبان بندی کا اختیار پھر بھی نہیں ہے اور یہاں مساجد عوامیہ میں امام کے تقرر کا اختیار نہیں ہے جب امام کی تقرری کا اختیار نہیں ہے تو پھر زبان بندی کا کیسے اختیار ہو سکتا ہے ۔ اس لیے میں عرض کرتا ہوں کہ یہ ترمیم جو ہے اس پر غور کریں ۔ کیونکہ مولانا محترم وزیر امور مذہبی بنفس نفیس بیرونی دورے پر تھے اور آج کل ان کی مصروفیات بہت زیادہ ہیں ہو سکتا ہے کہ ان کی غیابت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے یہ سخت ترین ترمیم جس سے بیورو کریسی کے ہاتھ مضبوط ہوں اور محکمہ اوقاف میں جہاں جہاں آمدنی کے ذرائع ہوں وہاں پر مسلط ہو اور آئمہ مساجد اور خطیبوں کی زبان بندی کے لیے غیر ضروری قوانین کا استعمال کیا جا سکے اور وہ بعد میں محکمہ اوقاف کی بدنامی

کا باعث ہو ۔ میں اس کی طرف توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں اس پر خصوصی توجہ فرمائیں ورنہ یہ ترمیم غیر اخلاقی ، غیر قانونی اور غیر شرعی ہے ۔

**Mr. Chairman :** Thank you very much.

فرمائیے مولانا صاحب

**مولانا کوثر نیازی :** جناب والا ! میں نے بڑے غور سے اپوزیشن کے فاضل مقررین کے خیالات سنے ہیں خاص طور پر حضرت مولانا شاہ احمد نورانی صاحب کی تقریر سے مستفید ہوا ہوں لیکن مجھے افسوس ہے کہ یہ تقریر مجموعی طور پر اس بل پر تو ضرور تھی لیکن اس ترمیم پر خاص طور پر کوئی مفید روشنی نہیں ڈال سکی ۔ اصل میں اس ترمیم میں دو باتیں قابل غور ہیں ایک یہ کہ اس ترمیم کے ذریعے سے مسجدوں میں فرقہ وارانہ تنازعات پیدا کرنے سے روکا گیا ہے ۔اور دوسرے یہ کہ اس میں جماعتی سیاسیات کو زیر بحث لانے پر پابندی لگائی گئی ہے ۔ سوال یہ ہے کہ کیا یہ پابندیاں شریعت کے مطابق ہیں ۔ دوسرا سوال یہ ہے کہ جو پابندیاں لگائی جا رہی ہیں کیا یہ عالم اسلام میں رائج ہیں ۔ تیسرا سوال یہ ہے کہ کیا یہ پابندیاں واقفین کی وصیت کے خلاف ہیں ۔ یہ تینوں موضوعات ہیں جن کے تحت ہی ساری بحث کو سمیٹا جا سکتا ہے ۔

سب سے پہلے میں یہ عرض کروں گا کہ اس میں کوئی شبہہ نہیں ہے جیسا کہ خواجہ صاحب نے فرمایا اور اگر وہ چاہیں تو تیسری ریڈنگ میں سب اس پر تفصیل سے اظہار خیال کرنے کے لئے تیار ہوں کہ سیاست دین کا حصہ ہے میں سیاست کو دین کا کل ماننے کے لئے تیار نہیں ہوں ۔ دین کا جز ضرور مانتا ہوں جیسا کہ بعض لوگوں نے پورے دین کی تشریح سیاست کی عینک لگا کر کی ہے اور انہیں پورے دین میں روحانیت نظر نہیں آتی ۔ صرف سیاست نظر آتی ہے ۔ سیاست دین کا حصہ ہے ایک شعبہ ہے ۔ جز ہے ۔ کل نہیں ہے مگر دین کا حصہ ہے ۔ لیکن میں دعوے سے کہتا ہوں کہ جماعتی سیاسیات اور پارٹی پالیٹکس یہ دین کا حصہ اور شعبہ نہیں ہے ۔ اس لئے قرآن مجید میں بار بار تہذب اور جماعتی گروہ بندی سے روکا گیا اور یہ جو جماعتی سیاست ہے یہ مغربی طرز سیاست ہے اسلامی طرز سیاست نہیں ہے ۔ اس لئے جب ہم یہ کہتے ہیں کہ مساجد میں جماعتی سیاسیات کو زیر بحث نہیں لایا جائے گا تو یہ اسلام کی خلاف ورزی نہیں ہے ۔ ہم یہ نہیں کہتے ہیں کہ آپ اسلامی سیاست کی بات نہ کریں ۔ ہم یہ نہیں کہتے کہ آپ اصولی سیاست کی بات نہ کریں ۔ لیکن ہم یہ ضرور چاہتے ہیں کہ یہ عین اسلامی مزاج کے مطابق ہو اور جماعتی سیاسیات کو پارٹی پالیٹکس کو مسجدوں میں زیر بحث لانا ممنوع قرار دیا جائے ۔ اس لئے کہ یہ ہرگز ہرگز اسلام کی تخلیق نہیں ہے ۔ اسلام کی پیداوار نہیں ہے ۔ بلکہ یہ مغربی طرز سیاسیات کی پیداوار ہے ۔ جس کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں ہے ۔

جناب والا ! محترم خواجہ صاحب نے علامہ اقبال کے ایک مشہور مصرعے کو بھی quote کیا ہے اور وہ امرت دھارا ہو گیا ہے ۔ وہ ہر جگہ quote ہوتا ہے ۔

جدا ہو دین سیاست سے تو رہ جاتی ہے چنگیزی

[Maulana Kausar Niazi]

مگر میرے دوست نے جو شعر اقبال سے تعلق رکھتے ہیں غالباً علامہ اقبال کے اس مشہور مصرعے کو بھول گئے ہیں ۔ جس میں انہوں نے یہ بھی کہا تھا کہ :

پھر سیاست چھوڑ کر داخل حصار دین میں ہو

یہاں تو لفظ دیئے کہ سیاست چھوڑ کر دین کے حصار میں داخل ہو جائیں ۔ وہاں انہوں نے کہا کہ سیاست دین سے جدا نہیں ہوسکتی ۔ تو مراد ہوا کہ وہ سیاست کو جو اسلامی ہے اس کو دین سے جدا نہیں کیا جا سکتا لیکن وہ سیاست جو کار و بار دنیا ہے وہ سیاست جو کار و بار زر گری ہے ۔ وہ سیاست جو سیٹوں اور نشستوں اور عہدوں کی تقسیم سے تعلق ہے وہ سیاست جو مغربی طور طریقوں کی پیداوار ہے اس کو چھوڑ کر دین کے حصار میں داخل ہونا عین تعلیمات اقبال اور عین تعلیمات اسلام کے مطابق ہے ۔

تیسری گزارش میں یہ کروں گا فرقہ وارانہ جھگڑوں کو محل اور موضوع آخر مسجدوں کو کیسے بنایا جا سکتا ہے ۔ اس پر وہ خود کہتے ہیں کہ قانون موجود ہے اگر ہم نے اس کو مزید قوی‌تر بنایا ہے ۔ یہ مسجدوں کے لئے خاص طور پر ہم نے اس کی یاد دہانی کرائی ہے اور یہ عین اسلام کی منشا کے مطابق ہے کیونکہ مسجدیں اتحاد کا مرکز ہیں مسجدیں انتشار کا مرکز نہیں بنائی جا سکتیں ۔ ایک بات اور میں عرض کروں گا کہ جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ حکومت وقت پر نکتہ چینی ہونی چاہیئے یا نہیں اس کا تو اس میں ذکر ہی نہیں ہے ۔ کس نے بند کیا ہے کہ حکومت وقت پر نکتہ چینی نہ ہو ۔ کون اس کو خلاف شریعت کہتا ہے حکومت وقت پر نکتہ چینی مسجد اور محراب و ممبر سے ہوتی آئی ہے اور ہوتی رہے گی ۔ لیکن خطیبوں اور علما کی نکتہ چینی کا وہ طریقہ نہیں ہوتا جو کہ سیاسی لیڈروں اور پیشہ ور سیاسی کارکنوں کا ہوتا ہے ۔ خطیبوں اور علما کا طرز تنقید ناصحانہ ہوتا ہے ۔ خیرخواہانہ ہوتا ہے اُن کا مقصد کیچڑ اچھالنا نہیں ہوتا اور اس طرز کی نکتہ چینی کو کوئی حکومت بند نہیں کر سکتی اور نہ یہ حکومت بند کرنا چاہتی ہے اس لیے زبان بندی کا کوئی سوال ہی پیدا نہیں ہوتا اور حکومت وقت پر نکتہ چینی کا کوئی سوال پیدا نہیں ہوتا ۔ اس لیے میں ان تمام تر تفاصیل میں نہیں جاوں گا جو اس سلسلے میں حضرت مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی صاحب نے مثال کے طور پر پیش کی ہیں ۔ میں انشاء اللہ تیسری خواندگی میں ان کا نوٹس لوں گا اور ان پر اپنے طالب علمانہ خیالات ان کی نظر کروں گا ۔

دوسری گزارش یہ ہے کہ کیا یہ بات جو ہم کر رہے ہیں کیا یہ انہونی ہے کیا یہ ہماری اپج ہے ۔ کیا ہم نے یہ پہلی دفعہ اختیار کی ہے ۔ میں کہتا ہوں کہ عالم اسلام میں کون سا ملک ہے جہاں یہ قانون رائج نہیں ہے ۔ معزز مقررین ایک بھی ایسا ملک عالم اسلام میں سے پیش کر دیں جہاں جماعتی سیاسیات میں الجھنا اور فرقہ وارانہ نزاعات پیدا کرنے کی مسجد میں اجازت ہو تو میں بصد خوشی اس بل کو واپس لینے کے لیے تیار ہوں ۔ تو اس لیے ہم نے شریعت کی کوئی خلاف ورزی نہیں کی ، ہم نے اسلام کے طور طریقوں کی خلاف ورزی نہیں کی اور دوسرا

جناب والا میں کہتا ہوں کہ ہم نے واقفین کی مرضی کے خلاف بھی کچھ نہیں کیا کیوں کہ وقف واقف کی مرضی کے مطابق استعمال ہوگا سوال یہ ہے کہ کب کسی واقف نے کہا ہے کہ میرے وقف کو سیاست میں استعمال کیا جائے اور جماعتی پراپیگنڈے میں صرف کیا جائے اور اس سے ایک جماعت کے حق میں ووٹوں کی اپیل کی جائے اور دوسری جماعت کے خلاف کہا جائے کہ اس کو ووٹ نہ دیئے جائیں ایک جماعت کے لیڈر میں کیڑے ڈالے جائیں اور دوسری جماعت کے لیڈر کو اچھالا جائے اور بانس پر چڑھایا جائے - یہ کس واقف نے لکھا ہے - اور اگر کسی واقف نے نہیں لکھا تو اس کی اللہ کی راہ میں دی ہوئی دولت کو اس کام ہیں خرچ کرنا جوکہ اس کی مرضی کے مطابق نہ ہو یہ کہاں شریعت کی منشاء کے مطابق ہے - اس لیے میں ایوان سے گزارش کروں گا ان تمام تر حوالوں اور معروضات کو محفوظ رکھتے ہوئے جو میں تیسری خواندگی میں پیش کروں گا کہ یہ جو ترمیم ہم نے پیش کی ہے - یہ عین اخلاق کے مطابق ہے - یہ عین قانون کے مطابق ہے - یہ عین اسلام کے مطابق ہے - اس لیے میں پر روز گزارش کروں گا کہ اس کو منظور کیا جائے -

**Mr. Chairman** : I put the question.

The question is :

"That after the existing Clause 18 of the Bill, the following new clause may be inserted as Clause 18A and the succeeding provisions of the Bill may be re-numbered accordingly :

'18A. **Power to issue directions as to management etc., of waqf property.**—

The Administrator General may issue to any person in charge of, or exercising control over the management of, any waqf property the administration whereof has not been taken over and assumed by the Administrator General under section 6 such directions for the proper administration, control, management and maintenance of such waqf property as the Administrator General may deem necessary, including directions prohibiting delivery of sermons, *khutbas* or lectures which may contain any matter calculated to arouse feelings of hatred or dis-affection amongst various religious sects or groups in the country and directions prohibiting such person from indulging in party politics through sermons, *khutbas* or lectures, and such person shall comply with such directions'."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Chairman** : The amendment as amended is adopted. Now, this concludes second reading. Now, we take up third reading of the Bill. You please move the last item.

**Maulana Kausar Niazi** : Sir, I beg to move :

"That the Bill to provide for the proper management and administration of Auqaf under Federal Control—The Auqaf (Federal Control) Bill, 1976—as amended, be passed."

**Mr. Chairman :** The motion moved is :

> "That the Bill to provide for the proper management and administration of Auqaf under Federal Control—The Auqaf (Federal Control) Bill, 1976—as amended, be passed."

**Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi :** Opposed.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Opposed.

**Mr. Chairman :** Would you like to say anything ?

آپ زیادہ بولیں تو میں منع تو نہیں کر سکتا لیکن اگر آپ میں سے ایک بولے تو اچھا ہے میں نے ۱۰ بجے کا وقت مقرر کیا ہے کہ ۱۰ بجے ختم کرنا ہے -

**خواجہ محمد صفدر :** دس بجے تک نہیں ہوگا ، کل کر لیں گے -

**جناب چیئرمین :** دس بجے تک نہیں ہوگا -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** جناب والا ! خواجہ صاحب بھی کچھ فرمائیں گے اس کے بعد میں کچھ عرض کروں گا پھر شہزاد گل صاحب بھی تقریر فرمائیں گے اس طرح تین تو ہم ہیں -

**جناب چیئرمین :** میں نے ایوان کے مشورے سے ۱۰ بجے کا وقت مقرر کیا ہے ۱۰ بجے تک یہ کام ہو سکتا ہے - پس مولانا کوثر نیازی ،

**مولانا کوثر نیازی :** جناب والا ! میں یہ گزارش کروں گا کہ یہ جو بل میں نے پیش کیا ہے یہ کوئی نئی بات نہیں ہے یہ وہ اوقاف کا بل ہے جو پہلے ہی صوبائی حکومتوں کے محکمہ اوقاف میں رائج اور نافذ ہے اور اس کو مرکزی سطح پر پیش کیا گیا ہے اس لیے اس کے اوپر یہ خدشات ، شور اور غوغا محل نظر ہے - خود مولانا شاہ احمد نورانی صاحب نے جو کہ اس وقت بیٹھے ہوئے ہیں میں نے ان کی غیر حاضری میں یہ ریفرنس دیا تھا جب وزیر اعظم کے سامنے یہ تجویز آئی تھی کہ اس کو مرکزی تحویل میں لیا جائے ، وہاں مولانا صاحب بھی تشریف فرما تھے اور اپوزیشن کے دوسرے رہنما بھی موجود تھے انھوں نے اس کی توثیق کی تھی -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** یہ بات آپ نے بجا فرمائی لیکن بل اس وقت پیش نہیں ہوا تھا -

(قہقہے)

**مولانا کوثر نیازی :** ظاہر ہے پیش نہیں ہوا مگر یہ بات اصولی طور پر منظور فرمائی تھی - اب کون سا ایسا جرم ہوگیا ہے جو یہ سزا بھگتنا پڑ رہی ہے اس لئے میں درخواست کرتا ہوں ایوان سے بشمول نورانی صاحب ، کہ اس کو متفقہ طور پر پاس کیا جائے -

(مداخلت)

**جناب چیئرمین :** فرمائیے جی ، کوشش کریں کہ ۱۰ بجے تک ختم ہو جائے -

**خواجہ محمد صفدر :** جناب چیئرمین ! محترم مولانا کوثر نیازی صاحب نے تیسری خواندگی کی ابتدا فرماتے ہوئے محض کسی واقع کا ذکر فرمانے پر ہی اکتفا فرمایا ہے انہوں نے اس بل کے کسی پہلو کی وضاحت مناسب خیال نہیں کی اور نہ ہی اس پر کچھ روشنی ڈالنے کی زحمت گوارا فرمائی ہے - مجھے امید ہے کہ وہ میری گزارشات سننے کے بعد اس کے مختلف پہلوؤں کی وضاحت فرمائیں گے -

جناب والا ، سب سے پہلے میں مولانا صاحب کے اس دعوے کے متعلق ہی کچھ گزارش نہایت ادب سے کروں گا کہ یہ بل شریعت کے آئین کے مطابق ہے ظاہر ہے کہ یہ میرا فیلڈ نہیں ہے یہ مولانا صاحب کا فیلڈ ہے لیکن میں ان کے میدان میں حاضر ہو رہا ہوں - اور میں یہ دعوے سے کہتا ہوں کہ جس صورت میں یہ بل اس وقت ایوان کے سامنے ہے اس صورت میں یہ ہرگز ہرگز شریعت حقہ کے مطابق نہیں کہا جا سکتا ہے - اور اس کی ایک ہی مثال آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں - اس کی کلازز ۱۳-۱۴ میں یہ حق ایڈمنسٹریٹر جنرل کو دیا گیا ہے کہ وہ کسی وقت جائیداد کو فروخت کر دے اور اس کی قیمت سے - - -

**ملک محمد اختر :** یہ ریپیٹیشن ہے -

**خواجہ محمد صفدر :** یہ تھرڈ ریڈنگ ہے - کلاز ریفر کر کے ہی اس کا جواب دوں گا یہ تو نہیں ہے کہ کلازز ریفر نہیں ہوئی ہیں - کلاز ۱۴ کے متعلق مولانا کوثر نیازی صاحب نے فرمایا ہے جس میں نہایت وضاحت سے لکھا گیا ہے کہ ایڈمنسٹریٹر جنرل کو یہ اختیارات بعض حالات میں اگر معقول وجوہات ہوں تو دیئے گئے ہیں کہ وہ اس کو فروخت کر دے اور اس کی قیمت سے کیا کرے ؟ اس قسم کے کام کرے ، کہ سڑکیں بنوائے ، بجلی لگوائے ، گندی نالیاں بنوائے ، غرض کہ مختلف کام جو جی چاہے کرے ، کوئی سکیم بنائے یہ کلاز ۱۳ میں ہے جو بھی اس کی مرضی پر منحصر ہو - جناب چیئرمین ! میں سمجھتا ہوں کہ شریعت حقہ اس بات کی اجازت نہیں دیتی کہ واقف کی منشا کے خلاف یا الرغب وقف کو کسی اور مصرف میں استعمال کیا جائے میرے پاس اس وقت سبھی کتابیں موجود ہیں میں مولانا صاحب کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں ہدایا یہاں موجود ہے ، شرع بقایا یہاں موجود ہے - دل مختار یہاں موجود ہے ، فتاوٰی عالمگیری یہاں موجود ہے ، جامع الاحکام یہاں موجود ہے ، مسلم محمڈن جورس پروڈنس یہاں موجود ہے - ان میں سے میں نے پہلی خواندگی کے دوران اپنے اس اعتراض پر بحث کرتے ہوئے یا اس درخواست پر بحث کرتے ہوئے جو میں نے اس ایوان میں کی تھی کہ اس بل کو کونسل آف اسلامک آئیڈیالوجی کی طرف ریفر کیا جائے تاکہ وہ اس ایوان کو مشورہ دیں کہ آیا یہ بل موجودہ صورت میں قرآن اور سنت کے منافی تو نہیں ہے لیکن ایوان نے میری یہ تجویز نہیں مانی لیکن میں نے وہ حوالہ جات اس وقت ایوان میں پیش کیے تھے میں نے یہ بھی پیش کیا تھا کہ دو تین کتابوں سے کہ واقف کی منشا پر عمل کرنا اتنا ہی ضروری اور فرض ہے جتنا کہ شارع کے حکم پر - اتنا درجہ ہے اس کا - اور واقف نے اپنی دولت اس غرض کے لئے وقف کی کہ ایک مخصوص حلقہ یا طبقہ کے غربا کی اس سے پرورش

[Khawaja Mohammad Safdar]

کی جائے اس کا مطلب یہ نہیں ہو سکتا ہے کہ اس جائیداد کو فروخت کر کے اس سے گندی نالیاں بنائی جائیں - اس کا قطعاً یہ منشا نہیں تھا اور نہ ہی ہو سکتا ہے اور نہ شریعت اس کی اجازت دیتی ہے - مجھ سے مولانا صاحب ضرور اتفاق فرمائیں گے کہ واقف کی منشا پر عمل کرنا - - - جیسے کہ ابھی ابھی انہوں نے ارشاد فرمایا ہے کہ واقف کی منشا مسجد کی تعمیر کرنا تھا اس کا مقصد اس سے پارٹی پالیٹکس چلانا نہیں تھا - یقیناً یہی منشا ان کا ہے اور یہی منشا میرا بھی ہے کہ واقف کی منشا کے مطابق وقف کو استعمال کیا جائے یا تمام دفعات کی میں نے وقتاً فوقتاً مخالفت کی ہے جس کے ذریعے یہ حق ایڈمنسٹریٹر جنرل کو دیا گیا ہے کہ وہ واقف کی منشا کے خلاف یا الرغب وقف اموال کو ، جائیداد کو استعمال کریں -

جناب چیئرمین ! میں نے جائیدادوں کے علاوہ اموال کا بھی ذکر کیا ہے اور یہ جان بوجھ کر کیا ہے - میں پرانے بزرگوں کا عقیدت مند ہوں ، گنہگار ہوں - کبھی حاضر ہوتا ہوں کسی جگہ اور کبھی نہیں ہو سکتا - لیکن فرض کیجیئے کہ میں ۱۰ روپے کی حقیر رقم کا نذرانہ کسی درگاہ پر دے آتا ہوں ، غلہ میں ڈال دیتا ہوں -

جناب والا ! آج صورت حال کیا ہے لوگ دو دو چار چار اور دس روپے خزانے میں ڈال دیتے ہیں اور قبلہ محترم بڑے بڑے صاحب ثروت لوگ ہیں اور جن کو خدا نے دولت دی ہوئی ہے وہ اپنی دولت میں سے خدا کے نام پر بہت صرف کرتے ہیں اور لاکھوں روپے مختلف خانقاہوں کے خزانے سے برآمد ہوتے ہیں اور وہ ایک جگہ جمع ہو جاتے ہیں اور محکمہ اوقاف کے بڑے بڑے افسر یا ایڈمنسٹریٹر جنرل اس قانون کے تحت جس طرح چاہیں اس کو خرچ کریں گے لیکن اگر میں نے دس روپے سیالکوٹ میں حضرت امام صاحب کی خانقاہ پر دیئے تھے یا نظر کیئے تھے تو میری غرض یہ تھی کہ اس خانقاہ پر صرف کئے جائیں میری غرض یہ نہیں تھی کہ وزیر آباد یا ڈسکہ کی کسی خانقاہ پر صرف کیئے جائیں اور جب سارے پاکستان کے اوقاف کا مال ایک جگہ اکٹھا ہو جائے گا تو وہ سرحد ، بلوچستان یا سندھ میں کسی نہایت ہی موزوں جگہ پر صرف ہوگا فی الحال میں یہ عرض کرتا ہوں اور وہ بعد میں بتاؤں گا کہ کیسے صرف ہوگا میں نے جو دس روپے دیئے تھے تو میری غرض یہ تھی کہ سیالکوٹ پر صرف ہوں اور واقف کی جو شرط ہے وہ کب پوری ہوئی کیونکہ وہ دس روپے وہاں سے نکل کر کسی اور جگہ چلے گئے اور آج ایسے ہو رہا ہے اور میں نے سیالکوٹ کی مثال اس لئے دی ہے کہ وہاں لاکھوں روپے کی آمدن ہوتی ہے اور ایک کوڑی بھی آج تک وہاں صرف نہیں ہوئی اور خبر نہیں وہ آمدنی کہاں جاتی ہے تو واقف کی منشاء کے مطابق وہ آمدنی صرف نہیں ہو رہی ہے اور جیسا کہ اس قانون میں ہے کہ واقف کی منشاء کے علاوہ بھی اس کا مصرف ہو سکتا ہے کیا یہ شریعت کے مطابق ہے اور کیا مولانا صاحب اس موضوع پر روشنی ڈالیں گے -

**جناب چیئرمین :** مولانا صاحب کے لئے بھی کچھ چھوڑ دیں -

**خواجہ محمد صفدر :** ان کے لئے بہت کچھ ہے -

**جناب چیئرمین :** مولانا صاحب آپ نہیں بولیں گے - دس بجے تو میں نے بھی ختم کرنا ہے -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** میں بولوں گا لیکن کل بول لوں گا -

**جناب چیئرمین :** نہیں کل نہیں کیوں کہ ایوان کا یہ فیصلہ ہے کہ دس بجے ختم کیا جائے -

**خواجہ محمد صفدر :** پہلے یہ فیصلہ کر لیں قبلہ اگر آپ نے دس بجے کوئسچن پٹ کرنا ہے تو میں ابھی چھوڑ دیتا ہوں

(مداخلت)

**خواجہ محمد صفدر :** نہیں ایوان کا کوئی فیصلہ ہو کوئی پابندی نہیں لگائی جا سکتی ہے جب کہ قانون سازی ہو رہی ہو اور جہاں تک مجھے قواعد کا علم ہے وقت کی کوئی پابندی نہیں لگائی جا سکتی ہے -

**جناب چیئرمین :** آپ رول ۱۰۵ ملاخط فرمائیے -

**خواجہ محمد صفدر :** ۹۵ بھی دیکھ لیجئے -

**جناب چیئرمین :** ۱۹۵ بھی دیکھیئے -

**خواجہ محمد صفدر :** وہ بھی ملاحظہ فرما لیتے ہیں -

**جناب چیئرمین :** میں نے دو گھنٹے پہلے کہ دیا تھا -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** آپ نے یہ نہیں کہا تھا کہ آپ کوئسچن پٹ کریں گے -

**جناب چیئرمین :** اگر میں نے غلطی کی ہے تو میں ماننے کے لئے تیار ہوں اچھا پڑھیئے -

**خواجہ محمد صفدر :** جی ہاں میں پڑھ لیتا ہوں اس میں بڑے واضع الفاظ میں ہے -

The rule reads :

> "195. (1). Whenever the debate on any motion in connection with a Bill or on any other motion becomes unduly protracted, the Chairman may, after taking the sense of the Senate, fix a time limit for the conclusion of discussion on any stage or all stages of the Bill or, as the case may be, the motion.
>
> (2) At the appointed hour, in accordance with the time limit fixed for the completion of a particular stage of a Bill or a motion, the Chairman shall, unless the debate is sooner concluded, forthwith put every question necessary to dispose of all the outstanding matters in connection with that stage of the Bill or the motion."

**جناب چیئرمین :** آپ کا یہ خیال تھا کہ یہ بل حاوی پر نہیں ہوتا ہے -

**خواجہ محمد صفدر :** بندہ نواز میرا یہ خیال ہے کہ unduly protracted debate نہیں ہوئی ہے اس لئے یہ حاوی نہیں ہوتا -

**جناب چیئرمین :** یہ تو ہاؤس نے فیصلہ کیا ہے what is the unduly protracted وہ تو میں نے پہلے پوچھ لیا ہے -

**خواجہ محمد صفدر :** نہیں یہ فیصلہ چیئرمین صاحب نے کرنا ہے ۔

**جناب چیئرمین :** اچھا میں بھی کرسکتا ہوں ۔

**خواجہ محمد صفدر :** ہاں یقیناً یہ فیصلہ آپ نے کرنا ہے لیکن میری رائے میں یہ انٹرپریٹیشن موجودہ حالات میں نہیں ہو سکتی ہے ۔ یہ میری رائے ہے اور آپ اپنی رائے رکھ سکتے ہیں ۔

**جناب چیئرمین :** وہ تو میں نے پہلے فیصلہ کر لیا تھا ۔

**Mr. Masud Ahmad Khan :** Sir, the honourable Member should have raised this point when the time-limit was being fixed.

**جناب چیئرمین :** یہی تو عرض کر رہا ہوں میں نے پہلے کہہ دیا تھا کہ بڑا لمبا ہو رہا ہے اور آج اس کو ختم کرنا ہے اور اس پر تھوڑی بہت بحث ہو جائے ۔ میں نے ایوان کے سامنے یہ سوال رکھا تو کوئی نو بجے اور کوئی ساڑھے نو بجے کہہ رہا تھا ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** سر ! کوئسچن پٹ کرنے کی بات نہیں ہوئی تھی دس بجے تک ڈیبیٹ چلے گی اور دس بجے اس کو ختم کر دینا ہے ۔ آپ ریکارڈ ملاحظہ فرما لیں ۔

**جناب چیئرمین :** میرا دماغ ہی ریکارڈ ہے ۔ یہ کون سی ریکارڈ کی بات ہے جو مجھے بھول گئی ہے اور میں نے دس بجے بھی کہہ دیا تھا ۔ فرمائیے مولانا صاحب دس بجے تک تو چلیئے ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** ابھی تو خواجہ صاحب کی تقریر نا مکمل ہے ۔

**جناب چیئرمین :** خواجہ صاحب ھی چلیئے ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** وہ ابھی تقریر فرما رہے ہیں اور آپ نے دس بجے تک کی پابندی لگا دی ہے ۔

**جناب چیئرمین :** میں نے تو پابندی نہیں لگائی ہے ۔ میں نے ایوان سے پوچھ کر پابندی لگائی ہے ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** جب یہ مسئلہ زیر بحث آیا تھا ، میں خود بھی حاضر تھا اور آپ بھی رونق افروز تھے اور آپ ہی کے سامنے یہ طے ہوا تھا کہ دس بجے تک ڈیبیٹ جاری رہے گی ۔ اور جیسا کہ محترم وزیر قانون فرما رہے ہیں کہ باقی کل ہو سکتا ہے ۔

**ملک محمد اختر :** آپ کی قواعد سے لاعلمی کا باعث میں تو نہیں ہوں اور پھر میں چیلنج کرتا ہوں کہ جو کچھ خواجہ صاحب نے کہا ہے وہ بالکل پہلی تقریر میں کہہ چکے ہیں ۔ ان کی پہلی تقریر نکالیئے اور دیکھیئے یہ ریپیٹیشن کر رہے ہیں ۔

**جناب چیئرمین :** تشریف رکھیئے مولانا صاحب ۔ ہوا یوں کہ جب میں نے خیال کیا کہ یہ ڈیبیٹ بڑی لمبی ہو رہی ہے تو میں نے آپ کو کہا کہ آج اس کو ختم کیجیئے تو اس پر دو تین باتیں ہوئیں کہ کب ختم کرنا ہے آٹھ نو دس بجے تو میں نے ہاوس سے پوچھا تو کوئی نو اور کوئی پونے دس بجے کہہ رہا تھا تو میں نے کہا کہ دس بجے صحیح ہے اور پھر میں نے ہاوس سے پوچھا کہ دس بجے ختم کرنا ہے تو کہا کہ ہاں ختم کرنا ہے تو میں نے ٹائم لمٹ دس بجے رکھ دی ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** دس بجنے میں گیارہ منٹ باقی ہیں ۔

**جناب چیئرمین :** کوئسچن پٹ کرنا تو ضروری ہوتا ہے ۔ فرمائیے مولانا صاحب اگر آپ کچھ فرماتے ہیں نہیں تو میں کوئسچن پٹ کر دوں گا ۔

**خواجہ محمد صفدر :** ٹھیک ہے جناب ہم اجازت چاہتے ہیں آپ کوئسچن پٹ کیجئے لیکن کورم نہیں ہے ۔ ہم جا رہے ہیں ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** سر ! کورم نہیں ہے آپ ملاحظہ فرما لیجئے ۔

[At this stage the Members of the Opposition walked out of the House]

**جناب چیئرمین :** کورم تو نہیں ہے اب بتائیے !

**ملک محمد اختر :** سر !

**جناب چیئرمین :** یہ سر ور کی بات نہیں ہے ۔ کورم نہیں ہے ۔

The objection has been raised.

میں نے بھی تو according to the rules چلنا ہے ۔ میں نے تو فیصلہ کر لیا تھا کہ دس بجے کوئسچن پٹ کرنا ہے اور دس بجے سے پہلے بھی ہو سکتا ہے لیکن جب انہوں نے اعتراض کر دیا ہے کہ کورم نہیں ہے ۔

and the objection has been raised

تو پھر میں نہیں چل سکتا ۔

**ملک محمد اختر :** ٹھیک ہے ۔

In that case we can continue the debate for ten minutes in the morning when the House reassembles.

(*Interruptions*)

**جناب چیئرمین :** مولانا صاحب رول یہ ہے کہ چلتا رہے گا لیکن اگر کورم کا نوٹس کیا جائے کہ کورم نہیں ہے

When my attention is invited to the lack of quorum

پھر تر میں نہیں چل سکتا ۔

**Malik Mohammad Akhtar :** Then, we can continue this debate for another ten minutes in the morning.

(*Interruptions*)

**Mr. Chairman :** If it is brought to my notice, then I cannot help it. The rule says :

> "5 (2) : If, at any time during the continuance of a sitting, attention of the Chairman is drawn to the fact that less than one-fourth of the total membership of the Senate is present, he shall suspend the business of the Senate and cause the bells to be rung for five minutes, but if no quorum is available even when the bells stop ringing, he shall adjourn the sitting".

پھر گھنٹی بجا لیں ۔

**راؤ عبدالستار :** جناب چیئرمین ! پانچ منٹ گھنٹی بجانے سے کیا فائدہ ہوگا ؟

**جناب چیئرمین :** ٹھیک ہے ۔ پانچ منٹ میں کوئی آئے یا نہ آئے پھر ملتوی کریں گے ۔

I have to follow the rules. Now, according to this rule, I have to suspend the business of the House. So, the business is suspended. The bell be rung according to the rules. Let the bell be rung.

(*The bell was rung for five minutes*)

**Mr. Chairman** : The bell has stopped ringing. Again, the quorum is not present. All right. We adjourn to meet again at 10.15 p.m.

*The Senate reassembled at 10.15 p.m. Mr. Chairman in the Chair.*

**Mr. Chairman** : Yes. Anybody wishing to participate ? Do you want to say anything Maulana Sahib ? Any other gentleman wants to speak on the Bill in the third reading ? Mr. Leghari, do you want to say something ?

**Mr. Farooq Ahmad Khan Leghari** ; No, Sir.

**Mr. Chairman** : All right, then I put the question. Had you moved the motion ?

**Malik Mohammad Akhtar** : Yes, Sir, the motion had been moved.

**Mr. Chairman** : I put the question.

The question before the House is :

> "That the Bill to provide for the proper management and administration of Auqaf under Federal Control—The Auqaf (Federal Control) Bill, 1976—, as amended, be passed."

(*The motion was adopted*)

**Mr. Chairman** : The Bill is unanimously passed.

Now, I do not think we should take other items.

ملک محمد اختر : ٹھیک ہے ۔

We do not want to avail the absence of the Opposition.

**Mr. Chairman** : You should not take undue advantage of their absence, otherwise I know you can rush through it. Within half a minute you can finish it. Then, we meet tomorrow morning ?

**Mr. Mohammad Suleman M. Samejo** : We may meet in the evening at 5.00 p.m., because we have got party meeting at 4.00 p.m. So, we should meet in the evening at 5.00 p.m.

**Mr. Chairman** : Why not in the morning ?

**Mr. Mohammad Suleman M. Samejo** : Sir, we have to come from Inter-Continental, Rawalpindi.

**Mr. Chairman** : You have to come. We cannot take the Senate there.

**Mr. Mohammad Suleman M. Samejo** : I am only saying that if it is convenient to the House and the honourable Members, we may meet in the evening.

**Mr. Ihsanul Haq** : Sir, if the session is in the morning, I will bring him in my car, and also take him back to the Inter-Continental.

**Mr. Chairman** : So, Mr. Samejo, your problem is solved.

**Mr. Mohammad Suleman M. Samejo** : Sir, I said this because we had agreed in the Lobby that we will make a request that the session may be held in the evening.

(*Interruptions*)

**Mr. Chairman** : Your problem is solved. All right, the House is adjourned to meet tomorrow at 10.00 a.m.

---

[*The Senate then adjourned till ten of the clock in the morning on Thursday, August 5, 1976.*]